جسمانی بیماریوں کا
قرآنی علاج
محمد حبیب قادری
محمد واصف چشتی
PDFBOOKSFREE.ORG

علاج بالقرآن

''ہم قرآن پاک میں وہ شے اتارتے ہیں
جو شفاء و رحمت ہے ایمان والوں کے لئے''

جسمانی بیماریوں کا قرآنی علاج

از

محمد حسیب قادری۔ محمد واصف چشتی

فہرست

حرف آغاز

میری انتہائے نگارش یہی ہے کہ تیرے نام سے ابتداء کر رہا ہوں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالِمِيْنَ وَ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ مُحَمَّدٍوَّ اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ اَجْمَعِيْنَ

اللہ عزوجل کے نام سے شروع کرتا ہوں جو اپنی مخلوقات کے لئے رحمان و رحیم، یکتاء لاشریک، علیم و خبیر، شافی، کافی اور ہمیشہ سے موجود اور ہمیشہ کے لیے قائم دائم رہنے والا ہے جو ہر شے کا تخلیق کار اور ہر شے میں بلا امتیاز موجود اور ہر حاضر و غائب سے آگاہی رکھنے والا اور اپنی حکمت و قدرت سے ہر شے کو شفاء کاملہ عاجلہ بخشنے والا، ہر بگڑے کام کو سنوارنے والا، دلوں سے بغض، حسد و عداوت دور فرمانے والا اور ان میں الفت، محبت، اخوت، بھائی چارہ پیدا فرمانے والا، جملہ آفات و بلیات سے اپنی پناہ میں رکھنے والا، قاضی الحاجات، عروج و زوال کو بلند و پست کرنے والا، ظالموں کو مظلوموں کے زیر نگین کرنے والا، ناراضگیاں مٹانے والا، مشکلات کو حل فرمانے والا، بلا حساب رزق عطا کرنے والا، تنگدستیاں دور کرنے والا اور بعد از استغفار توبہ فوراً قبول فرما کر بندہ کو اپنے مزید قریب لانے والا، انسان کے اندر اور باہر کے ہر حال سے بخوبی واقف و رازدان ہے۔ جہاں اس ذات ربانی نے روز میثاق کے اقرار "الست بربکم" کے تحت اس دنیائے خاکی میں انسان کو عوارض، تکالیف اور دکھ سکھ کے ذریعہ اس کی دعویٰ آزمائش کی توثیق کے لیے بھیجا وہاں ساتھ ہی اس نے راہِ ہدایت و صراط المستقیم، ہر

بگڑے کام کے سنوارنے اور سلجھانے کے طور طریقے اور دکھ کا سکھ نیز ہر بیماری جسمانی و روحانی کا شافی علاج بھی نازل فرمایا تا کہ انسان حتی الوسع اپنے دعویٰ آزمائش میں بخوبی سرخرو ہو کر دنیا میں دائمی خوشیاں اور مسرتیں سمیٹ سکے اسی لئے قرآن پاک میں ارشاد ربانی ہوتا ہے کہ

''ہم قرآن میں وہ شے اتارتے ہیں جو ہر ایمان والے کے لئے باعث شفاء و رحمت ہے (الاسراء:۸۲)

اللہ عزوجل نے اپنی کتاب شفاء میں ہر آزمائش پر پورا اترنے کا بخوبی حل اپنے پیارے حبیب حضرت محمد ﷺ کے ذریعے واضح انداز میں بیان فرمایا اور اس کا عملی طریقہ بھی بتایا اب یہ اس انسان پر منحصر ہے کہ وہ کس طرح راہِ ہدایت اختیار کرتا ہے اور دعویٰ آزمائش میں پورا اترتا ہے اور اس کتاب شفاء و رحمت سے بھرپور استفادہ حاصل کرتا ہے۔

چونکہ آج کے مادی دور میں ہر انسان کسی نہ کسی پریشانی، مشکل، بیماری، ابتلا میں مبتلا ہے اور بعض حالتوں میں بعض نادان انسانوں کی ہوس زر، حسد، بغض اور انتقام کا شکار ہے جن کی وجہ سے وہ ذہنی ٹینشن میں مبتلا ہو کر اپنی عقل وفکر سے ہاتھ دھو بیٹھا ہے اور اپنی ان مشکلات کا حل ادھر ادھر ڈھونڈھ رہا ہے اس کی ان ہی مشکلات کو مدِنظر رکھتے ہوئے بزرگان عظام و مشائخ نے اپنی اپنی بیاض مین ان مشکلات کا حل بتایا ہے۔

زیرِ نظر کتاب ان بزرگان اہلسنت کی بیاضوں کی چھان بین کے بعد ان کے تجویز کردہ سمتوں سے آراستہ کی گئی ہے جو عملیات کی دنیا میں آزمودہ اور اکسیر کا حکم رکھتے ہیں لیکن ان سے استغناء کے لئے احکام الٰہی، پیروی سنت، شرائط عملیات پر عمل پیرا ہونا ضروری ہے نیز اللہ عزوجل کی ذات بابرکات پر پختہ ترین توکل و یقین اور وسیلہ حضرت محمد ﷺ پکڑنا بھی لازم ہے۔ تاکہ ہر نسخے کے تیز اثر ہونے سے ہی مسئلے کے

حل پر عبور پا کر دنیاوی مسرتوں اور خوشیوں سے ہمکنار ہوا جا سکے اور دکھ، تکلیف وسکھ اور راحت میں جا سکے۔

آخر میں بارگاہِ ایزدی میں دست بدعا ہیں کہ اللہ عزوجل ہر ایک کی اپنی ماشاء ضرورت کے مطابق اس کتاب میں دیئے گئے اعمال سے بھرپور استفادہ بخشے اور ان کی تمام تکالیفوں کو اپنے پیارے حبیب آقائے دو جہاں حضرت محمد ﷺ دائمی مسرتوں اور راحتوں میں بدل دے آمین ثم آمین۔

محمد حسیب قادری

محمد واصف چشتی

سر درد کا علاج

جس کسی کے سر میں شدید درد ہوتا ہے اور اسے کسی بھی طرح چین و آرام نہیں ملتا تو ایسے میں اس کے لئے ذیل کے اعمال بے حد مفید اور نافع ہیں ان اعمال کو کامل یقین کے ساتھ کرنا ضروری ہے۔

☆ باوضو حالت میں پاک و صاف جگہ پر بیٹھ کر ایک سو پچیس مرتبہ سورہ یوسف پڑھے اور سرسوں کے خالص تیل پر دم کرے اس تیل میں سے سر درد والا مریض سر میں لگائے اور خوب اچھی طرح مالش کرے اس کے ساتھ ہی تین مرتبہ سورہ یوسف پڑھ کر سر پر دم کرے۔

اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے سورہ یوسف کی برکت سے شفائے کاملہ نصیب ہوگی اور سر درد کی شکایت جاتی رہے گی۔

☆ اگر کسی کے سر میں شدید درد ہو تو باوضو حالت میں اکیس مرتبہ:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

لکھ کر سر پر یا گلے میں باندھ دیا جائے تو اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے سر درد کی شکایت جاتی رہے گی اور آرام آ جائے گا۔

☆ اگر کسی کے سر میں شدید درد کی شکایت پیدا ہو گئی ہو جو ڈاکٹری علاج کروانے سے بھی ختم نہ ہوتی ہو جس کی وجہ سے مریض بہت زیادہ بے چینی محسوس کرتا ہو تو عامل کو چاہیے کہ وہ باوضو حالت میں ایک چھری اپنے ہاتھ میں پکڑ کر مریض کو اپنے سامنے بٹھائے مریض درد کی جگہ کو اپنے ہاتھ سے پکڑے اور عامل سورہ الناس پڑھے۔

ہر بار ناس ناس تین مرتبہ پڑھ کر چھری پر دم کرے اور اسی طرح چھری سے زمین

پر خط کھینچے پھر مریض سے دریافت کرے کہ درد کہاں پر ہے مریض اپنا ہاتھ لگا کر دیکھے کہ درد کس طرف کو ہے اگر درد وہاں سے دوسری طرف سرک گیا ہو تو اس جگہ کو پکڑے اور عامل سورہ ناس کی یہ آیت مبارکہ یوں پڑھے:-

آیت مبارکہ

مَلِکِ النَّاسِ

پڑھ کر چھری پر دم کرے اور زمین پر خط کھینچ کر مریض سے پوچھے اسی طرح پوری سورہ الناس پڑھ کر دم کرے اگر ایک بار عمل کرنے سے درد رفع نہ ہوتا ہو تو پھر دوبارہ اسی طرح کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ العزیز درد ختم ہو جائے گا یہ نہایت مجرب اور آزمودہ عمل ہے اس میں زیادہ سے زیادہ چھ مرتبہ سورہ الناس پڑھی جائے تو بفضلِ باری تعالیٰ کیسا ہی درد کیوں نہ ہو ختم ہو جاتا ہے اللہ تعالیٰ عز و جل شفائے کاملہ سے نوازتا ہے چھ مرتبہ سے زیادہ دم کرنے کی نوبت نہیں آتی۔

☆ ذیل کی آیات مبارکہ لکھ کر سر پر باندھیں سر درد دور ہو جائے گا۔

آیات مبارکہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰى جَبَلٍ لَّرَاَيْتَهٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ ؕ وَ تِلْكَ الْاَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ ○ هُوَ اللّٰهُ الَّذِىْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَ الشَّهَادَةِ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ○ هُوَ اللّٰهُ الَّذِىْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا

يُشْرِكُوْنَ ۝ هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ؕ يُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝

☆ سر پر ہاتھ رکھ کر ذیل کی آیت مبارکہ پڑھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ سر کا درد دور ہو جائیگا۔

آیت مبارکہ:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اِنَّ اللّٰهَ يُمْسِكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ اَنْ تَزُوْلَا ۚ وَلَئِنْ زَالَتَآ اِنْ اَمْسَكَهُمَا مِنْ اَحَدٍ مِّنْۢ بَعْدِهٖ ؕ

علاج بال جھڑ و گنجا پن

جو کوئی گنجا ہو گیا ہو یا اس کو بال جھڑ کی بیماری لاحق ہو گئی ہو اور کوئی بھی علاج کارگر نہ ہوتا ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد نافع اور مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے باوضو حالت میں روزانہ صبح و رات کو ذیل کے کلمات سات مرتبہ پڑھ کر مریض کے سر پر تھتکار دیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل کی بدولت اکتالیس یوم میں گنج کا خاتمہ ہو جائے گا اور بال نئے سرے سے اگنا شروع ہو جائیں گے نوے دن کے عمل مسلسل سے پھر کبھی یہ بیماری دوبارہ عود نہ کرے گی۔

کلمات:۔

وَ نُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ

دردِ شقیقہ (آدھے سر کے درد) کا علاج

دردِ شقیقہ ایک نامراد مرض ہے جو آدھے سر میں شدت سے ہوتی ہے اور مریض کو بے چین کئے رکھتی ہے اور بعض اوقات قوت برداشت سے باہر ہو جاتی ہے اس کے علاج کے لئے ذیل کے قرآنی اعمال بے حد مفید اور مجرب ہیں۔

☆ کوئی شخص باوضو حالت میں انگوٹھے اور درمیان والی انگلی میں مریض کی کنپٹیوں کو زور سے دباتے ہوئے سورہ یوسف پڑھنا شروع کرے اور پڑھتے ہوئے آہستہ آہستہ دونوں انگلیوں کو ماتھے کے درمیان پیشانی پر ملا دے اور سورہ ختم کر لے۔

یہ عمل تین مرتبہ کرے اور تین دن تک بلا ناغہ کرے انشاء اللہ تعالیٰ العزیز سورہ یوسف کی برکت سے درد کو آرام آ جائے گا۔

☆ اول و آخر تین مرتبہ درود شریف اور گیارہ مرتبہ یہ آیت مبارکہ پڑھ کر دم کرنے سے انشاء اللہ تعالیٰ العزیز درد جاتا رہے گا۔

آیت مبارکہ:۔

اَلَمْ تَرَ اِلٰی رَبِّکَ کَیْفَ مَدَّ الظِّلَّ ۚ وَلَوْ شَآءَ لَجَعَلَهٗ سَاكِنًا ۚ

☆ ذیل کی آیت مبارکہ پڑھ کر دم کرنے سے انشا اللہ تعالیٰ العزیز درد سے نجات حاصل ہو جائے گی۔

آیت مبارکہ:۔

قُلْ مَنْ رَّبُّ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ قُلِ اللّٰهُ قُلْ اَفَاتَّخَذْتُمْ مِّنْ دُوْنِهٖۤ اَوْلِیَآءَ لَا یَمْلِكُوْنَ لِاَنْفُسِهِمْ نَفْعًا وَّلَا ضَرًّا ؕ قُلْ

☆ ذیل کا نقش زعفران و گلاب سے کسی سفید کاغذ پر بنا کر موم جامہ کر کے اور خوشبو

لگا کر جس طرف آدھے سر میں درد ہو سبز کپڑے کی پٹی میں بند کر کے سر پر باندھیں۔
انشاء اللہ تعالیٰ العزیز درد سے نجات مل جائے گی۔

نقش:۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

۸	۱	۶
۳	۵	۷
۴	۹	۲

أُسْكُنْ اَيُّهَا الْوَجْعُ بِمَا سَكَنَ عَرْشِ الرَّحْمٰنِ
وَلَهٗ مَا سَكَنَ فِى الَّيْلِ وَ النَّهَارِ وَهُوَ السَّمِيْعُ
الْعَلِيْمِ ط اِنْ يَّشَاءُ يُسْكِنِ الرِّيْحَ ط

درد ابرو کا علاج

اگر کسی کے ابرو میں درد ہوتی ہو اور وہ اس سے چھٹکارا پانا چاہتا ہو تو ذیل کا
قرآنی عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔

☆ ذیل کی آیت مبارکہ سات بار پڑھ کر دم کریں۔
انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم درد سے نجات حاصل ہو جائے گی۔

آیت مبارکہ:۔

وَلَوْ اَنَّ مَا فِى الْاَرْضِ مِنْ شَجَرَةٍ اَقْلَامٌ وَّالْبَحْرِ يَمُدُّهٗ مِنْ
بَعدِهٖ سَبْعَةُ اَبْحُرٍ مَا نَفِدَتْ كَلِمٰتُ اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ٥

قوت حافظہ اور کند ذہنی ونسیان کا علاج

قوت حافظہ اور کند ذہنی ونسیان کے علاج کے لئے ذیل کے اعمال بے حد مفید اور مجرب ہیں۔ جو کوئی طلباء و طالبات عورت یا مرد اپنی یادداشت کھو بیٹھے ہوں یا ان کی قوت حافظہ بے حد کمزور ہو گئی ہو اور ان کو کوئی بھی بات یاد نہ رہتی ہو دماغ کند ہو گیا ہو اور اس وجہ سے پریشانی میں مبتلا ہوں ان کے لئے ذیل کے قرآنی اعمال بے حد مفید اور مجرب ہیں۔

☆ جس کسی مرد یا عورت کا دماغ کمزور ہو گیا ہو اور دن بدن دماغی کمزوری بڑھتی جائے تو اس کے لئے درج ذیل آیات مبارکہ کو چینی کی پلیٹ میں باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر زعفران وگلاب سے لکھے پھر اس کو شہد سے دھو کر نہار منہ روزانہ پئیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز چالیس یوم کے عمل میں مکمل صحت یابی حاصل ہو گی اور ضعف دماغ مکمل ختم ہو جائے گا ناغہ بالکل نہ کرے۔

آیات مبارکہ:-

اَلرَّحْمٰنُ عَلَّمَ الْقُرْاٰنَ ۝ خَلَقَ الْاِنْسَانَ ۝ عَلَّمَهُ الْبَيَانَ ۝ اِنَّ عَلَيْنَا جَمْعَهٗ وَقُرْاٰنَهٗ ۝ فَاِذَا قَرَاْنٰهُ فَاتَّبِعْ قُرْاٰنَهٗ ۝ بَلْ هُوَ قُرْاٰنٌ مَّجِيْدٌ ۝ فِيْ لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ ۝

☆ ایسے شخص کو چاہیے کہ وہ چالیس یوم تک بلا ناغہ روزانہ نماز عشاء کے بعد سورۂ الاعلیٰ کی مندرجہ ذیل آیات مبارکہ تین سو تینتالیس مرتبہ اس طرح پڑھے کہ اول و آخر تیرہ، تیرہ مرتبہ درود ابراہیمی بھی پڑھے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز چالیس دنوں کے اس عمل کے بعد کبھی حافظے کی کمزوری نہ رہے گی اور مدتوں کی بھولی ہوئی باتیں بھی یاد آ جائیں گی یادداشت انتہائی تیز ہو جائے

گی اور بھولنے کا عارضہ جاتا رہے گا۔

درود پاک:-

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

آیات مبارکہ:-

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

سَنُقْرِئُکَ فَلَا تَنْسٰیٓ ۙ اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰہُ اِنَّہٗ یَعْلَمُ الْجَھْرَ وَمَا یَخْفٰی ۙ وَ نُیَسِّرُکَ لِلْیُسْرٰی ۙ

☆ اس مقصد کے لئے اسے چاہیے کہ وہ باوضو حالت میں ستر مرتبہ سورہ فلق پڑھ کر بادام کی گری یا چنے پر دم کرے اور مریض کو صبح کے وقت کھلائے اور گیارہ یوم تک بلا ناغہ اسی طرح کرے۔ بفضلِ باری تعالیٰ شفائے کاملہ نصیب ہوگی نسیان کا عارضہ جاتا رہے گا قوت حافظہ خوب مضبوط ہوگی اور جو بات بھی سنے گا عرصہ تک ذہن میں محفوظ رہے گی نہایت آزمودہ مجرب عمل ہے۔

☆ ایسے فرد کے لئے لازم ہے کہ چینی کی ایک پلیٹ لے اور باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر اس پر زعفران وگلاب سے کلمہ طیبہ اور سورہ رحمٰن کی یہ آیت مبارکہ لکھے اور پھر پانی سے دھو کر پی لے یہ عمل اکتالیس روز بلا ناغہ کرے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز اس سے حافظہ قوی ہوگا کند ذہنی دور ہو جائے گی اور ہر بات یاد رکھا کرے گی۔

آیت مبارکہ:-

اَلرَّحْمٰنُ o عَلَّمَ الْقُرْاٰنَ o خَلَقَ الْاِنْسَانَ o عَلَّمَهُ الْبَیَانَ o اَلشَّمْسُ وَ الْقَمَرُ بِحُسْبَانٍ o

☆ سورہ الم نشرح چینی کی پلیٹ پر عرق گلاب و زعفران سے لکھ کر اکتالیس روز تک پلانا ازالہ نسیان کے لئے مفید اور بے حد مجرب ہے۔

☆ روزانہ بعد از نماز فجر ذیل کی آیت مبارکہ کا دس مرتبہ پڑھنا مفید اور نافع ہے۔

آیت مبارکہ:-

فَفَهَّمْنٰهَا سُلَیْمٰنَ وَ كُلًّا اٰتَیْنَا حُكْمًا وَّ عِلْمًا وَّ سَخَّرْنَا مَعَ دَاوٗدَ الْجِبَالَ یُسَبِّحْنَ وَالطَّیْرَ وَ كُنَّا فٰعِلِیْنَ

جنون اور ہذیان کا علاج

جنون و ہذیان کے علاج کے لئے ذیل کے اعمال بے حد مفید اور نافع ہیں۔

جو شخص حالت جنون میں مبتلا ہو گیا ہو اور وقفے وقفے سے اس پر جنون کے دورے پڑتے ہوں وہ اس سے بے حد تنگ ہو اور چھٹکارا پانا چاہتا ہو تو اس مقصد کے لئے ذیل کے قرآنی اعمال بے حد مفید اور نافع ہیں۔

☆ چینی کی بڑی پلیٹ پر باوضو حالت میں سورہ مریم بمعہ بسم اللہ اور درود تنجینا زعفران و گلاب سے لکھ کر پانی سے دھو کر مریض کو پلائیں اور تین بار سورہ مریم اور گیارہ بار درود تنجینا بھی پڑھ کر اسے دم کریں۔ اکتالیس روز بلا ناغہ اس عمل سے انشاء اللہ تعالیٰ العزیز جنون سے مکمل چھٹکارا حاصل ہو جائے گا اور کوئی تکلیف باقی نہ رہے گی۔

☆ سورہ فاتحہ سات مرتبہ پڑھ کر مریض پر دم کریں ہر مرتبہ سورت ختم کرنے کے بعد

منہ میں اکٹھا ہونے والا لعاب مریض پر تھتکار دیں صبح وشام یہ عمل تین دن کریں۔

انشاءاللہ تعالیٰ العزیز جنون و ہذیان سے محفوظ رہے گا۔

☆ مریض کے سر میں ذیل کی آیت مبارکہ لکھ کر باندھی جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس کا ہذیان دور ہو جائے گا۔

آیت مبارکہ:۔

لَا يُؤَاخِذُكُمُ اللّٰهُ بِاللَّغْوِ فِيْٓ اَيْمَانِكُمْ

☆ ازالۂ ہذیان کے بعد نماز فجر مریض کے سر پر داہنا ہاتھ پھیرتے ہوئے سات بار ذیل کی دعا پڑھی جائے۔

انشاءاللہ تعالیٰ العزیز جنون و ہذیان سے نجات مل جائے گی۔

دعا:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِىْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمُ ؏

مالیخولیا اور سوداء کا علاج

جس کسی کو مالیخولیا کا عارضہ لاحق ہو گیا ہو یا وہم کا شکار ہو گیا ہو تو اس کے لئے ذیل کے اعمال قرآنی بے حد مفید اور نافع ہے۔

☆ اس مقصد کے لئے باوضو حالت میں ہر نماز کے بعد سورہ الناس گیارہ مرتبہ پڑھ کر مریض پر دم کرے۔

انشاءاللہ تعالیٰ العزیز آرام آ جائے گا اور مرض ختم ہو جائے گا۔

☆ ہر فرض نماز کے بعد گیارہ مرتبہ سورہ معوذتین اور گیارہ مرتبہ ذیل کی آیت مبارکہ پڑھ کر دم کریں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز چند روز میں افاقہ ہو جائے گا۔

آیت مبارکہ:۔

مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ ط اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ ط اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ .

مرگی (صرع) کا علاج

جو کوئی مرگی کے مرض میں مبتلا ہو اور اس سے عاجز آ گیا ہو اور بے ہوش ہو جاتا ہو تو اس کے لئے ذیل کے اعمال قرآنی بے حد فائدہ مند اور مفید ہیں۔

☆ روزانہ صبح کو بعد از نماز فجر اور شام کو بعد از نماز مغرب باوضو حالت میں سورہ جن بمعہ بسم اللہ شریف پڑھ کر سات مرتبہ ایسے شخص پر مسلسل سات یوم تک مسلسل دم کیا جائے۔

انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل سے مرگی کے دورے پڑنا ہمیشہ کے لئے بند ہو جائیں گے اور مرگی والا شخص بالکل صحت یاب ہو جائے گا۔

☆ با وضو حالت میں سات مرتبہ سورہ مریم پڑھ کر نمک پر دم کریں اور اسے اس طریقہ سے بیمار استعمال کرے، کہ ہر روز کھانے سے پہلے اور بعد سونے سے پیشتر اور جاگنے کے بعد گویا روزانہ چھ بار نمک چکھ لیا کرے۔

اگر مرض میں افاقہ دکھائی دے تو بھی نمک کا استعمال تین ماہ تک جاری رکھا جائے اگر مریض اس عمل پر مداومت کرے تو انشاء اللہ تعالیٰ العزیز اس مرض سے نجات پا جائے گا۔

☆ مرگی کے مریض کے سر میں ذیل کی آیت مبارکہ تین بار لکھ کر باندھنا مفید ہے۔

آیت مبارکہ:-

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اِنَّ الَّذِيْنَ فَتَنُوا الْمُؤْمِنِيْنَ وَ الْمُؤْمِنٰتِ ثُمَّ لَمْ يَتُوْبُوْا فَلَهُمْ عَذَابُ جَهَنَّمَ وَلَهُمْ عَذَابُ الْحَرِيْقِ○

☆ سورہ الشمس مرگی کے مریض کے کان میں پڑھنا بے حد اکسیر، نافع اور فائدہ مند ہے۔

☆ قرآن کریم کے یہ حروف مقطعات پڑھ کر مریض کے کان میں پھونک ماریں کان کے پاس منہ کر کے پڑھیں اور پھونک ایسے ماریں کہ کان کے اندر جائے۔

حروف مقطعات

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

الٓمٓصٓ طٰسٓمٓ كٓهٰيٰعٓصٓ يٰسٓ وَالْقُرْاٰنَ الْحَكِيْمِ حٰمٓ عٓسٓقٓ نٓ وَالْقَلَمِ وَمَا يَسْطُرُوْنَ۔

پہلی ہی بار دم کرنے سے آرام ہو جائے گا ورنہ دو چار دفعہ پڑھ کر دم کریں دورہ کے وقت خاص کر دم کریں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز پھر دورہ نہ پڑے گا۔

سرسام کا علاج

جو کوئی سرسام کے مرض میں مبتلا ہو تو اس مقصد کے لئے ذیل کا قرآنی عمل بے حد مجرب اور نافع ہے۔

☆ سرسام کے مریض کے سر میں ذیل کی آیت مبارکہ لکھ کر باندھی جائے اور بارش کے پانی پر گیارہ مرتبہ پڑھ کر پلائی جائے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز مرض دفع ہو جائے گا۔

آیت مبارکہ:-

قَالُوْا حَرِّقُوْهُ وَ انْصُرُوْا اٰلِهَتَكُمْ اِنْ كُنْتُمْ فٰعِلِيْنَ o قُلْنَا يٰنَارُ كُوْنِيْ بَرْدًا وَّ سَلٰمًا

دوران سر اور چکر آنے کا علاج

اگر اٹھتے وقت حالت ایسی ہو جائے کہ آنکھوں کے سامنے اندھیرا چھا جائے اور سر میں چکر آ جائے یہاں تک کہ گرنے کے قریب ہو جائے تو ذیل کے اعمال سے اس مرض سے نجات مل جاتی ہے۔

☆ سورہ القیامہ کی ذیل کی آیات مبارکہ با وضو ہو کر زعفران و گلاب کے ساتھ مریض کی پیشانی پر لکھیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز فوری افاقہ ہوگا اور مکمل آرام آ جائے گا۔

آیات مبارکہ:-

وَّلَوْ اَلْقٰى مَعَاذِيْرَهٗ o لَا تُحَرِّكْ بِهٖ لِسَانَكَ لِتَعْجَلَ بِهٖ o اِنَّ عَلَيْنَا جَمْعَهٗ وَ قُرْاٰنَهٗ o فَاِذَا قَرَاْنٰهُ فَاتَّبِعْ قُرْاٰنَهٗ o ثُمَّ اِنَّ عَلَيْنَا بَيَانَهٗ o

☆ ذیل کی دعا بھی سر چکرانے کے مرض میں بے حد مفید ہے۔

وَ نُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّ رَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۔
اَلَمْ تَرَ اِلٰى رَبِّكَ كَيْفَ مَدَّ الظِّلَّ وَلَوْ شَآءَ لَجَعَلَهٗ سَاكِنًا
ثُمَّ جَعَلْنَا الشَّمْسَ عَلَيْهِ دَلِيْلًا ۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔
بِسْمِ اللّٰهِ الْكَافِىْ بِسْمِ اللّٰهِ الْمُعَافِىْ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ
الْعَلِىِّ الْعَظِيْمُ

سبات وقوما (نیند مفرط) کا علاج

جس کسی کو بے حد زیادہ نیند آتی ہے اور اس سے چھٹکارے کی کوئی صورت نظر نہ آتی ہو تو ایسے میں ذیل کے اعمال بے حد مفید اور نافع ہیں۔
مریض سوتے وقت سورہ اعراف کی ذیل کی آیات مبارکہ پڑھ لیا کرے۔
انشاء اللہ تعالیٰ العزیز نیند طبعی حد تک کم ہو جائے گی۔

آیات مبارکہ:۔

اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِىْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ فِىْ سِتَّةِ اَيَّامٍ
ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ قف يُغْشِى الَّيْلَ النَّهَارَ يَطْلُبُهٗ حَثِيْثًا وَّ
الشَّمْسَ وَ الْقَمَرَ وَ النُّجُوْمَ مُسَخَّرٰتٍۭ بِاَمْرِهٖ اَلَا لَهُ الْخَلْقُ وَ
الْاَمْرُ تَبٰرَكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ اُدْعُوْا رَبَّكُمْ تَضَرُّعًا وَّ خُفْيَةً ط
اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ ۝ وَلَا تُفْسِدُوْا فِى الْاَرْضِ بَعْدَ اِصْلَاحِهَا
وَ ادْعُوْهُ خَوْفًا وَّ طَمَعًا ط اِنَّ رَحْمَتَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ مِّنَ الْمُحْسِنِيْنَ ۵۶

☆ سورہ کہف کی ذیل کی آیات مبارکہ کو سوتے وقت پڑھنا زیادتی نیند کو دور کرنے

کے لئے مفید اور نافع ہے۔

آیات مبارکہ:۔

اَفَحَسِبَ الَّذِیْنَ کَفَرُوْٓا اَنْ یَّتَّخِذُوْا عِبَادِیْ مِنْ دُوْنِیْٓ اَوْلِیَآءَ اِنَّآ اَعْتَدْنَا جَهَنَّمَ لِلْكٰفِرِیْنَ نُزُلًا ○ قُلْ هَلْ نُنَبِّئُكُمْ بِالْاَخْسَرِیْنَ اَعْمَالًا ○ اَلَّذِیْنَ ضَلَّ سَعْیُهُمْ فِی الْحَیٰوةِ الدُّنْیَا وَهُمْ یَحْسَبُوْنَ اَنَّهُمْ یُحْسِنُوْنَ صُنْعًا ○ اُولٰٓئِكَ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا بِاٰیٰتِ رَبِّهِمْ وَ لِقَآئِهٖ فَحَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ فَلَا نُقِیْمُ لَهُمْ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ وَزْنًا ○ ذٰلِكَ جَزَآؤُهُمْ جَهَنَّمُ بِمَا كَفَرُوْا وَاتَّخَذُوْٓا اٰیٰتِیْ وَ رُسُلِیْ هُزُوًا ○ اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ كَانَتْ لَهُمْ جَنّٰتُ الْفِرْدَوْسِ نُزُلًا ○ خٰلِدِیْنَ فِیْهَا لَا یَبْغُوْنَ عَنْهَا حِوَلًا ○ قُلْ لَّوْ كَانَ الْبَحْرُ مِدَادًا لِّكَلِمٰتِ رَبِّیْ لَنَفِدَ الْبَحْرُ قَبْلَ اَنْ تَنْفَدَ كَلِمٰتُ رَبِّیْ وَلَوْ جِئْنَا بِمِثْلِهٖ مَدَدًا ○ قُلْ اِنَّمَآ اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ یُوْحٰٓى اِلَیَّ اَنَّمَآ اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ فَمَنْ كَانَ یَرْجُوْا لِقَآءَ رَبِّهٖ فَلْیَعْمَلْ عَمَلًا صَالِحًا وَّلَا یُشْرِكْ بِعِبَادَةِ رَبِّهٖٓ اَحَدًا ○

فالج کا علاج

جو افراد فالج کے مرض میں مبتلا اور علاج کروا کر تنگ آ چکے ہیں تو ان افراد کے لئے ذیل کے روحانی اعمال بے حد مفید اور نافع ہیں ان کے مسلسل استعمال سے ہر قسم کے فالج سے بفضلہٖ تعالیٰ نجات مل جاتی ہے۔

☆ اس مقصد کے لئے فالج زدہ شخص کو چاہیے کہ وہ قلعی دار تانبے کا طشت لے کر اس کو خوب صاف کرے اس میں یہ آیات مبارکہ مشک اور گلاب کے ساتھ لکھ کر پانی سے دھو لے اور اس پانی کو اپنے اوپر چھڑکاؤ کرے۔

انشاء اللہ العزیز نفع ہوگا۔

آیات مبارکہ:-

قَدْ نَرٰی تَقَلُّبَ وَجْهِكَ فِی السَّمَاءِ فَلَنُوَلِّيَنَّكَ قِبْلَةً تَرْضٰهَا فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ط وَ حَيْثُ مَا كُنْتُمْ فَوَلُّوْا وُجُوْهَكُمْ شَطْرَهٗ ط وَ اِنَّ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ لَيَعْلَمُوْنَ اَنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّهِمْ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا يَعْمَلُوْنَ ○

☆ ذیل کی آیات مبارکہ کے باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر زعفران و گلاب سے تین عدد نقوش بنائیں ان نقوش میں سے ایک نقش پر خوشبو لگائیں بعد ازاں تمام نقوش پر آیات مبارکہ کا اکتالیس، اکتالیس مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور مریض کے اوپر بھی دم کریں ایک نقش موم جامہ کر کے مریض کے گلے میں ڈال دیں۔

دوسرا نقش روغن زیتون میں حل کر لیں اور اس تیل کی مالش فالج زدہ حصوں پر روزانہ صبح و شام کیا کریں اور سات گھنٹے کے بعد نیم گرم پانی سے صاف کر دیں۔

☆ تیسرا نقش پانی کی بوتل میں ڈال دیں اور اس سے مریض کو روزانہ صبح، دوپہر، شام اور رات کو پانی پلایا کریں۔

روزانہ صبح کو بعد از نماز فجر اور بعد از نماز عشاء مریض پر انہی آیات مبارکہ کو سات سات مرتبہ پڑھ کر دم کیا کریں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم فالج سے اکتالیس تا نوے یوم کے عمل مسلسل سے مکمل

جان چھوٹ جائے گی اور مریض تندرست و توانا بفضلہٖ تعالیٰ ہو جائے گا اور آئندہ اس مرض کا شکار نہ ہوگا۔

آیات مبارکہ:۔

(۱) سورہ بقرہ کی پہلی پانچ آیات مبارکہ (سات مرتبہ)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

الٓمّٓ ۚ ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ ۛ فِيْهِ ۛ هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ ۙ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِالْغَيْبِ وَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَ مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ۙ وَالَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِمَا اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمَا اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ ۚ وَ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ ۙ اُولٰٓئِكَ عَلٰى هُدًى مِّنْ رَّبِّهِمْ ۗ وَ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝

(۲) سورہ بقرہ کی ذیل کی آیات مبارکہ (سات مرتبہ):۔

اَللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ۭ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَاۗءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا يَـــُٔـوْدُهٗ حِفْظُهُمَا وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ - لَآ اِكْرَاهَ فِي الدِّيْنِ قَدْ تَّبَيَّنَ الرُّشْدُ مِنَ الْغَيِّ ۚ فَمَنْ يَّكْفُرْ بِالطَّاغُوْتِ وَيُؤْمِنْۢ بِاللّٰهِ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى ۤ لَا انْفِصَامَ لَهَا ۭ وَ اللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۔ اَللّٰهُ وَلِيُّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۙ يُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ۔ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا

اَوْلِيٰٓئُهُمُ الطَّاغُوْتُ ۙ يُخْرِجُوْنَهُمْ مِّنَ النُّوْرِ اِلَى الظُّلُمٰتِ ؕ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ؑ

(۳) سورہ بقرہ کی آخری تین آیات (سات مرتبہ)۔

لِلّٰهِ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى الْاَرْضِ ؕ وَاِنْ تُبْدُوْا مَا فِىْٓ اَنْفُسِكُمْ اَوْ تُخْفُوْهُ يُحَاسِبْكُمْ بِهِ اللّٰهُ ؕ فَيَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَآءُ وَ يُعَذِّبُ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ اٰمَنَ الرَّسُوْلُ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِ مِنْ رَّبِّهٖ وَ الْمُؤْمِنُوْنَ ؕ كُلٌّ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَ مَلٰٓئِكَتِهٖ وَ كُتُبِهٖ وَ رُسُلِهٖ ۟ لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْ رُّسُلِهٖ ۟ وَ قَالُوْا سَمِعْنَا وَ اَطَعْنَا غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَ اِلَيْكَ الْمَصِيْرُ لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا ؕ لَهَا مَا كَسَبَتْ وَ عَلَيْهَا مَا اكْتَسَبَتْ ؕ رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَا اِنْ نَّسِيْنَا اَوْ اَخْطَاْنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَا اِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ ۚ وَ اعْفُ عَنَّا ۟ وَ اغْفِرْ لَنَا ۟ وَ ارْحَمْنَا ۟ اَنْتَ مَوْلٰنَا فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ؑ

(۴) سورہ اعراف کی ذیل کی تین آیات (سات مرتبہ):۔

اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِىْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ فِىْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ ۟ يُغْشِى الَّيْلَ النَّهَارَ يَطْلُبُهٗ حَثِيْثًا ۙ وَّالشَّمْسَ وَ الْقَمَرَ وَ النُّجُوْمَ مُسَخَّرٰتٍ بِاَمْرِهٖ ؕ اَلَا لَهُ الْخَلْقُ وَ الْاَمْرُ تَبٰرَكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ اُدْعُوْا رَبَّكُمْ تَضَرُّعًا وَّ خُفْيَةً ؕ

إِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ وَلَا تُفْسِدُوْا فِي الْاَرْضِ بَعْدَ اِصْلَاحِهَا وَ ادْعُوْهُ خَوْفًا وَّ طَمَعًا ؕ اِنَّ رَحْمَتَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ مِّنَ الْمُحْسِنِيْنَ ۔

(۵) سورہ بنی اسرائیل کی ذیل کی آیات (سات مرتبہ)

قُلِ ادْعُوا اللّٰهَ اَوِ ادْعُوا الرَّحْمٰنَ ؕ اَيًّا مَّا تَدْعُوْا فَلَهُ الْاَسْمَاءُ الْحُسْنٰى ۚ وَلَا تَجْهَرْ بِصَلَاتِكَ وَلَا تُخَافِتْ بِهَا وَ ابْتَغِ بَيْنَ ذٰلِكَ سَبِيْلًا ۙ وَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ لَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ يَكُنْ لَّهٗ شَرِيْكٌ فِي الْمُلْكِ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ وَلِيٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَكَبِّرْهُ تَكْبِيْرًا ۠

(۶) سورہ صفت شروع سے لازب تک (سات مرتبہ)

وَالصّٰٓفّٰتِ صَفًّا ۙ فَالزّٰجِرٰتِ زَجْرًا ۙ فَالتّٰلِيٰتِ ذِكْرًا ۙ اِنَّ اِلٰهَكُمْ لَوَاحِدٌ ۔ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا وَ رَبُّ الْمَشَارِقِ ؕ اِنَّا زَيَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنْيَا بِزِيْنَةِ ِۨالْكَوَاكِبِ ۙ وَحِفْظًا مِّنْ كُلِّ شَيْطٰنٍ مَّارِدٍ ۚ لَا يَسَّمَّعُوْنَ اِلَى الْمَلَاِ الْاَعْلٰى وَ يُقْذَفُوْنَ مِنْ كُلِّ جَانِبٍ ۖ دُحُوْرًا وَّلَهُمْ عَذَابٌ وَّ اصِبٌ ۙ اِلَّا مَنْ خَطِفَ الْخَطْفَةَ فَاَتْبَعَهٗ شِهَابٌ ثَاقِبٌ فَاسْتَفْتِهِمْ اَهُمْ اَشَدُّ خَلْقًا اَمْ مَّنْ خَلَقْنَا ؕ اِنَّا خَلَقْنٰهُمْ مِّنْ طِيْنٍ لَّازِبٍ

(۷) سورہ رحمٰن کی آیات يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ سے لے کر تَنْتَصِرَان (گیارہ مرتبہ)

يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اِنِ اسْتَطَعْتُمْ اَنْ تَنْفُذُوْا مِنْ اَقْطَارِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ فَانْفُذُوْا ؕ لَا تَنْفُذُوْنَ اِلَّا بِسُلْطٰنٍ ۚ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ

رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ يُرْسَلُ عَلَيْكُمَا شُوَاظٌ مِّنْ نَّارٍ ۙ وَّ نُحَاسٌ فَلَا تَنْتَصِرَانِ ۚ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ فَاِذَا انْشَقَّتِ السَّمَآءُ

(۸) سورہ حشر کی آیات لَوْ اَنْزَلْنَا سے ختم سورہ تک (گیارہ مرتبہ)

لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰى جَبَلٍ لَّرَاَيْتَهٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ ۚ وَ تِلْكَ الْاَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَ الشَّهَادَةِ ۚ هُوَ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمُ هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ ۚ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ۚ يُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ؏

(۹) سورہ جن کی آیات شروع سے لے کر شَطَطًا تک (گیارہ مرتبہ)۔

قُلْ اُوْحِيَ اِلَيَّ اَنَّهُ اسْتَمَعَ نَفَرٌ مِّنَ الْجِنِّ فَقَالُوْٓا اِنَّا سَمِعْنَا قُرْاٰنًا عَجَبًا ۔ يَّهْدِيْٓ اِلَى الرُّشْدِ فَاٰمَنَّا بِهٖ وَلَنْ نُّشْرِكَ بِرَبِّنَآ اَحَدًا ۙ وَاَنَّهٗ تَعٰلٰى جَدُّ رَبِّنَا مَا اتَّخَذَ صَاحِبَةً وَّلَا وَلَدًا ۙ وَّاَنَّهٗ كَانَ يَقُوْلُ سَفِيْهُنَا عَلَى اللّٰهِ شَطَطًا ۙ

آشوبِ چشم کا علاج

ہم اقسام سے آشوب چشم کے علاج معالجہ کیلئے ذیل کے اعمال بے حد مفید اور نافع ہیں چند یوم کے تسلسل سے آنکھوں کے آشوب سے بفضلہ تعالیٰ چھٹکارا مل جاتا ہے۔

چشم کے مرض میں مبتلا شخص چاند کے ہر مہینے میں پہلی یا دوسری یا تیسری رات کو باوضو حالت میں چاند دیکھے اور چاند نظر آنے پر اپنے دائیں ہاتھ کو دونوں آنکھوں پر پھیرتے ہوئے پہلے سورہ یوسف مع بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے دس مرتبہ پڑھے اس کے بعد تین مرتبہ سورہ اخلاص پڑھے اس کے ساتھ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھے پھر سات مرتبہ یہ کلمات کہے۔

کلمات:۔

شَفَاءُ مِنْ كُلِّ دَاءٍ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

انشاءاللہ تعالیٰ العزیز الحکیم ہر قسم کے امراض چشم میں شفائے کاملہ نصیب ہوگی۔

پوری فاتحہ اکتالیس بار پڑھ کر مریض کی آنکھوں پر دم کریں۔

انشاءاللہ تعالیٰ العزیز آنکھوں کا درد اور سرخی وغیرہ سب شکایتیں دور ہو جائیں گی صحت ہونے تک روزانہ یہ عمل کریں مجرب ہے۔

☆ پانچوں فرض نمازوں کے بعد ذیل کی آیت مبارکہ سات مرتبہ پڑھ کر ہاتھوں کے انگوٹھوں پر دم کر کے دونوں آنکھوں کو لگائے اور اگر آنکھیں تندرست ہیں تو فجر و مغرب کی نمازوں کے بعد ذیل کی آیت مبارکہ کو سات مرتبہ مع اول و آخر تین بار درود شریف پڑھ کر ہاتھوں کے انگوٹھوں پر دم کر کے آنکھوں کو لگائے یا ملے۔

انشاءاللہ تعالیٰ العزیز دکھتی آنکھیں تندرست ہوں گی اور تندرست آنکھیں دکھیں گی نہیں مجرب ہے۔

آیت مبارکہ:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَآءَكَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيْدٌ.

☆ ذیل کی آیت مبارکہ لکھ کر آنکھ کے اوپر باندھنے سے آشوب چشم دفع ہو جائے گا۔

آیت مبارکہ:۔

یٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَ الْاِنْسِ اِنِ اسْتَطَعْتُمْ اَنْ تَنْفُذُوْا مِنْ اَقْطَارِ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ فَانْفُذُوْا لَا تَنْفُذُوْنَ اِلَّا بِسُلْطٰنٍ ۚ۔

☆ دوسرا کوئی شخص باوضو ہو کر سورۃ رحمٰن کی مندرجہ ذیل آیت مبارکہ زعفران ملے پانی سے مریض کی پیشانی پر لکھے۔

☆ انشاءاللہ تعالیٰ العزیز آنکھوں میں ہونے والی درد فوراً دور ہو جائے گی۔

آیت مبارکہ:۔

تَبٰرَکَ اسْمُ رَبِّکَ ذِی الْجَلٰلِ وَ الْاِکْرَامِ ۚ

آنکھ کی سرخی کا علاج

کسی بھی بیماری کی وجہ سے اگر آنکھوں میں سرخی آ جائے اور دوا دارو کے باوجود آرام نہ آتا ہو تو ایسے میں ذیل کے اعمال بے حد نافع اور مفید ہیں۔

☆ آنکھوں کے جملہ امراض کے لئے ذیل کی آیت مبارکہ مفید ہے۔ زعفران و گلاب سے ہتھیلی پر لکھ کر چاٹ لے تین دن تک ایسا کرے۔

آیت مبارکہ:۔

اِنَّمَا یَسْتَجِیْبُ الَّذِیْنَ یَسْمَعُوْنَ ؕ وَالْمَوْتٰی یَبْعَثُهُمُ اللّٰهُ ثُمَّ اِلَیْهِ یُرْجَعُوْنَ ۔

زخمِ چشم کا علاج

اس مقصد کے لئے روزانہ بعد از نماز فجر وعصر ومغرب اول وآخر درود شریف شفاء سات، سات مرتبہ اور سورہ ملک تین مرتبہ پڑھ کر اپنی انگلیوں کی پوروں پر دم کریں اوران کو اپنی آنکھوں میں پھیرا کریں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم تین سے سات یوم کے اندر اندر تکلیف سے مکمل نجات مل جائے گی۔

☆ بعد از نماز فجر باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر سفید کاغذ پر ذیل کا نقش بنائیں اور اس نقش کو مریض کی پیشانی پر باندھ دیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم آنکھوں میں جو بھی تکلیف ہو گی وہ رفع ہو جائے گی۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

۱۲۱۵	۱۲۱۹	۱۲۲۲	۱۲۰۸
۱۲۲۱	۱۲۰۹	۱۲۱۴	۱۲۲۰
۱۲۱۰	۱۲۲۴	۱۲۱۷	۱۲۱۳
۱۲۱۸	۱۲۱۲	۱۲۱۱	۱۲۲۳

گوہانجی چشم کا علاج

اگر آنکھوں کے کناروں پر تکلیف دہ سرخ پھنسی نکل آئے اور شدت درد سے برا حال ہو، دوا دارو کام نہ دیتا ہو تو ایسے میں ذیل کے اعمال بے حد مفید اور نافع ہیں۔

☆ آنکھوں کے کنارے پر تکلیف دہ سرخ پھنسی نکل آتی ہے اس کے لئے باوضو ہو

کر ذیل کی آیت مبارکہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز درد سے آرام ہو جائے گا۔

آیت مبارکہ:-

وَلَوْ اَنَّ مَا فِي الْاَرْضِ مِنْ شَجَرَةٍ اَقْلَامٌ وَّ الْبَحْرُ يَمُدُّهٗ مِنْۢ بَعْدِهٖ سَبْعَةُ اَبْحُرٍ مَّا نَفِدَتْ كَلِمٰتُ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ۔

☆ کسی شخص کی آنکھ میں کوئی بھی تکلیف ہو اکتالیس بار سورہ فاتحہ پوری پڑھ کر آنکھوں پر دم کریں جب تک شکایت باقی رہے یہ عمل کریں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز شفاء حاصل ہوگی مجرب ہے۔

☆ ہر نماز کے بعد سورہ طٰہٰ کی ذیل کی آیات مبارکہ پڑھ کر اپنی انگشت شہادت پر دم کر کے آنکھ کے متاثرہ حصہ پر پھیریں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز تین تا سات یوم میں شفاء ہو جائے گی۔

آیت مبارکہ:-

وَ يَسْئَلُوْنَكَ عَنِ الْجِبَالِ فَقُلْ يَنْسِفُهَا رَبِّيْ نَسْفًا ۙ فَيَذَرُهَا قَاعًا صَفْصَفًا ۙ لَّا تَرٰى فِيْهَا عِوَجًا وَّلَا اَمْتًا ؕ

ناخونہ (ظفرہ) کا علاج

آنکھوں میں ناخونہ (سفید پردہ نما دھند ظاہر ہو جائے) اور آنکھ سے روشنی میں دیکھنا مشکل ہو تو ایسے میں ذیل کے اعمال اس کے علاج کیلئے بے حد مفید اور اکسیر ہیں۔

بعد از نماز فجر قبلہ رخ بیٹھ کر ذیل کی آیت مبارکہ کو سفید کاغذ پر زعفران و گلاب سے لکھ کر خوشبو لگائیں اور پھر اسی آیت مبارکہ کو اکیس مرتبہ پڑھ کر اس پر دم کر کے موم

جامہ کر کے اپنے دائیں بازو پر باندھیں اور ساتھ ہی روزانہ آنکھوں پر اس کا گیارہ مرتبہ ورد کر کے بھی دم کریں۔

انشاء اللہ العزیز الحکیم اس عمل کی بدولت ناخونہ کے مرض سے بالکل نجات مل جائے گی۔

آیت مبارکہ:-

قَالُوْتَاللّٰهِ لَقَدْ اٰثَرَكَ اللّٰهُ عَلَيْنَا وَاِنْ كُنَّا لَخٰطِئِيْنَ ۝ قَالَ لَاتَثْرِيْبَ عَلَيْكُمُ الْيَوْمَ ط يَغْفِرُ اللّٰهُ لَكُمْ وَهُوَاَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اِذْهَبُوْا بِقَمِيْصِىْ هٰذَا فَاَلْقُوْهُ عَلٰى وَجْهِ اَبِىْ يَاْتِ بَصِيْرًا ج وَاْتُوْنِىْ بِاَهْلِكُمْ اَجْمَعِيْنَ

☆ تین مرتبہ سورہ اخلاص پڑھ کر آنکھوں پر دم کیا جائے۔

☆ انشاءاللہ تعالیٰ العزیز ناخونہ ختم ہو جائے گا۔

☆ سرمہ اصفہانی ایک جزو، مونگا آدھا جزو، ایلوا آدھا جزو، زعفران، مامران سمندر جھاگ ناگروتھ آدھا آدھا جز، خریف کی اول بارش کا پانی اور نہر و چشمہ کا پانی دسمبر یا جنوری میں جمعرات کے روز قبل طلوع آفتاب لیا گیا ہو پھر یہ سب دوائیں علیحدہ علیحدہ پیں کر اور سب کو ملا کر درخت سبز کے پانی میں پیسیں پھر خشک کر لیں پھر ان کو خریف کی بارش کے پانی میں پیس کر خشک کر لیں پھر دسمبر یا جنوری میں نہر و چشمہ کے پانی میں پیسیں اور خشک کریں چوتھی بار شہد جس کو آگ کی گرمی نہ لگی ہو اور سرکہ میں پیسیں اور خشک کر لیں۔

ذیل کی آیات مبارکہ شیشہ کے برتن میں زعفران سے لکھ کر جنوری کے آب

رواں یا آب چشمہ سے دھو کر اس میں ان دواؤں کو پانچویں مرتبہ پیس کر خشک کر لیں اور سرمہ کی مانند باریک کر کے رکھ لیں آنکھوں کے ہر مرض میں انشاء اللہ تعالیٰ العزیز نافع اور مفید ہوگا۔

آیت مبارکہ:-

قَالُوْ تَاللّٰهِ لَقَدْ اٰثَرَكَ اللّٰهُ عَلَيْنَا وَ اِنْ كُنَّا لَخٰطِئِيْنَ قَالَ لَا تَثْرِيْبَ عَلَيْكُمُ الْيَوْمَ ۖ يَغْفِرُ اللّٰهُ لَكُمْ وَهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اِذْهَبُوْا بِقَمِيْصِيْ هٰذَا فَاَلْقُوْهُ عَلٰى وَجْهِ اَبِيْ يَاْتِ بَصِيْرًا ۚ وَاْتُوْنِيْ بِاَهْلِكُمْ اَجْمَعِيْنَ

موتیا بند کا علاج

سفید موتیا بند کے لئے ذیل کے عمل کو مسلسل کرنے سے موتیا بند کا علاج بغیر اپریشن ہو جاتا ہے۔

ہر فرض نماز کے بعد یہ آیت مبارکہ پڑھ کر ہاتھوں کی انگلیوں پر پھونک لگا کر آنکھوں پر پھیرا جائے، موتیا بند کے لئے مفید ہے۔

آیت مبارکہ:-

فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَآئَكَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيْدٌ

ککڑوں (روہے) کا علاج

آنکھوں میں ککڑے آ جائیں تو ذیل کے عمل کے چند یوم کے استعمال سے ان سے بفضلہٖ تعالیٰ شفا کاملہ مل جاتی ہے۔

ایک پاک سفید کپڑے کی پٹی پر ذیل کی آیات مبارکہ لکھ کر عشاء کی نماز کے بعد آنکھوں پر باندھ دیں۔

سات یوم کے اندر انشاء اللہ تعالیٰ العزیز کامل شفاء حاصل ہو جائے گی۔

آیت مبارکہ:-

فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَآئَكَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيْدٌ قُلْ هُوَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْ هُدًى وَّ شِفَاءٌ ط

رتوندا (شب کوری و روز کوری) کا علاج

جو کوئی رتوندا کے مرض میں مبتلا ہو گیا اور اسے دن میں یا رات کے وقت آنکھوں سے کچھ نظر نہ آتا ہو اور علاج معالجہ کے باوصف بھی آرام نہ پاتا ہو تو ایسے میں ذیل کے اعمال بے حد مفید اور اکسیر ہیں۔

☆ کسی کو رتوندا ہو گیا ہو تو سورہ القیامہ سرمہ پر دم کر کے آنکھوں میں لگایا جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم مرض دور ہو جائے گا۔

☆ سورہ الدہر کی ذیل کی مندرجہ ذیل آیات مبارکہ اکتالیس مرتبہ اول و آخر تین، تین مرتبہ درود شریف پڑھ کر تیل پر دم کریں اور وہ تیل رات کو سونے سے پہلے سر میں لگائیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم آنکھوں کی روشنی بالکل ٹھیک ہو جائے گی۔

آیت مبارکہ:۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

هَلۡ اَتٰى عَلَى الۡاِنۡسَانِ حِيۡنٌ مِّنَ الدَّهۡرِ لَمۡ يَكُنۡ شَيۡـًٔا مَّذۡكُوۡرًا

اِنَّا خَلَقۡنَا الۡاِنۡسَانَ مِنۡ نُّطۡفَةٍ اَمۡشَاجٍ ۖ نَّبۡتَلِيۡهِ فَجَعَلۡنٰهُ سَمِيۡعًاۢ بَصِيۡرًا

☆ ہر فرض نماز کے بعد ذیل کی آیت مبارکہ کو تین بار پڑھ کر ہاتھوں کی انگلیوں پر پھونکیں اور ان کو آنکھوں پر پھیریں۔

آیت مبارکہ:۔

فَكَشَفۡنَا عَنۡكَ غِطَآءَكَ فَبَصَرُكَ الۡيَوۡمَ حَدِيۡدٌ

☆ سورہ فاتحہ بسم اللہ شریف کی میم کو الحمد کے لام۔ کے ساتھ ملا کر سات مرتبہ پڑھ کر سرمہ پر دم کریں جس کو شب کوری ہو تو رات میں سوتے وقت اور روز کوری ہو تو صبح طلوع آفتاب سے پہلے آنکھوں میں لگائیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم شفاء ہوگی۔

ضعف بصر کا علاج

ہمہ اقسام کے ضعف بصر کے لئے ذیل کے اعمال نہایت اکسیر اور کارگر ہیں ان کے استعمال سے ضعف بصر کا عارضہ ہمیشہ ہمیشہ کے لئے ختم ہو جاتا ہے۔

☆ ہر نماز کے بعد ذیل کی آیت مبارکہ تین بار پڑھ کر ہاتھوں کی انگلیوں کے سروں پر پھونکیں اور ان کو آنکھوں پر پھیریں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز بصارت میں کمی نہ ہوگی جس قدر نقصان ہو گیا ہو جاتا رہے

گا۔

آیت مبارکہ:۔

فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَآئَكَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيْدً

☆ روزانہ بعداز ہرنماز فرض اپنی انگشت شہادت پر ذیل کی آیت مبارکہ پڑھ کر پھونکے اور اپنی آنکھوں کے اوپر پھیرے اور بعد میں دوسری آیت مبارکہ کو بھی پڑھ کر اپنی انگلیوں پر دم کر کے آنکھوں پر پھیر لیا کرے۔

انشاءاللہ تعالی العزیز چالیس یوم کے عمل مسلسل سے بینائی کی شکایت بالکل کافور ہو جائے گی۔

آیات مبارکہ:۔

لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اَلْحَیُّ الْقَيُّوْمُ ج

الٓمّٓ ۝ اَللّٰهُ لَا اِلٰـهُ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَيُّوْمُ ج

☆ نماز فجر کے بعد ذیل کی آیت مبارکہ پانچ مرتبہ پڑھ کر انگلیوں پر پھونک مار کر آنکھوں پر پھیرے یا اس کو چینی کی پلیٹ پر لکھ کر شہد سے صاف کر لیں اور بطور سرمہ آنکھ میں لگائیں۔

انشاءاللہ تعالیٰ العزیز بینائی ٹھیک ہو جائے گی۔

آیت مبارکہ:۔

اَللّٰـهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ط مَثَلُ نُوْرِهٖ كَمِشْكٰوةٍ فِيْهَا مِصْبَاحٌ ط اَلْمِصْبَاحُ فِیْ زُجَاجَةٍ ط اَلزُّجَاجَةُ كَاَنَّهَا كَوْكَبٌ دُرِّیٌّ يُّوْقَدُ مِنْ شَجَرَةٍ مُّبٰرَكَةٍ زَيْتُوْنَةٍ لَّا شَرْقِيَّةٍ وَلَا غَرْبِيَّةٍ يَّكَادُ زَيْتُهَا

يُضِيءُ وَلَوْ لَمْ تَمْسَسْهُ نَارٌ ؕ نُوْرٌ عَلٰى نُوْرٍ ؕ يَهْدِي اللّٰهُ لِنُوْرِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَ يَضْرِبُ اللّٰهُ الْاَمْثَالَ لِلنَّاسِ ؕ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ۙ

آنکھ پھڑکنے کا علاج

کسی بیماری یا بلاوجہ آنکھ پھڑکنے کے علاج کے لئے ذیل کے اعمال اکسیر اور کارگر ہیں ان کے استعمال سے آنکھ کا پھڑکنا بفضلہٖ تعالیٰ بند ہو جاتا ہے۔

ذیل کی آیات مبارکہ کو سات مرتبہ پڑھ کر مریض کی آنکھوں پر دم کریں اور دوبارہ سات مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلائیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم مرض اور تکلیف فوراً زائل ہو جائے گی۔

آیات مبارکہ:۔

فَلَآ اُقْسِمُ بِالشَّفَقِ ۙ وَ الَّيْلِ وَمَا وَسَقَ ۙ وَالْقَمَرِ اِذَا اتَّسَقَ ۙ لَتَرْكَبُنَّ طَبَقًا عَنْ طَبَقٍ ؕ فَمَا لَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۙ

آنکھ میں پھولے کا علاج

اگر آنکھ میں پھولا ہو گیا ہو اور کسی طور درست نہ ہوتا ہو تو ایسے میں ذیل کے اعمال بے حد مفید اور نافع ہیں۔

☆ باوضو حالت میں سورہ فلق پڑھ کر آنکھ پر دم کیا جائے دن میں دو مرتبہ دم کرے۔

☆ انشاء اللہ تعالیٰ العزیز آنکھ کی سفیدی ظاہر ہو جائے گی اور پھولا کی شکایت رفع ہو جائے گی۔

☆ سورہ اخلاص نماز فجر و عشاء کے بعد پڑھ کر مریض کی آنکھ پر دم کریں۔

انشاءاللہ تعالیٰ العزیز مرض ختم ہو جائے گا۔

پڑبال کا خاتمہ

اگر آنکھ میں پڑبال ہو جائے اور سخت تکلیف دیتا ہو تو ایسے میں ذیل کے اعمال سے اس سے بفضلہٖ تعالیٰ نجات مل جاتی ہے اور انسان تندرست ہو جاتا ہے۔

☆ چاند کی چودہ تاریخ کو قبلہ رو باوضو حالت میں کھڑے ہو کر دس مرتبہ سورہ یوسف اور تین مرتبہ سورہ اخلاص پڑھے اس کے بعد اپنے دائیں ہاتھ پر دم کرے اور آنکھوں پر پھیرے تین دن تک بلاناغہ یہ عمل کرے۔

انشاءاللہ تعالیٰ العزیز عارضہ جاتا رہے گا اور آنکھیں بالکل ٹھیک ہو جائیں گی۔

نزلہ وزکام کا علاج

نزلہ زکام ایک موذی مرض ہے اور بے حد پریشانی کا باعث بنتا ہے دوا کے ساتھ ساتھ ذیل کے اعمال سے اس سے بہت جلد نجات بفضلہٖ تعالیٰ مل جاتی ہے اور تمام تکلیف رفع ہو جاتی ہے۔

نماز فجر اور نماز عشاء کے بعد باوضو حالت میں اسی جگہ پر قبلہ رخ بیٹھے یعنی سلام پھیرنے کے فوراً بعد تین مرتبہ پڑھے۔

سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ وَ بِحَمْدِهٖ

پھر سات مرتبہ پڑھے۔

لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحٰنَكَ ۖ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۚ

☆ تین مرتبہ سورہ فاتحہ پڑھ کر نزلہ وزکام کے مریض پر دم کیا جائے۔ انشاءاللہ تعالیٰ

العزیز اچھا ہو جائے گا۔

ناک کی پھنسی کا علاج

اگر ناک میں پھنسی نکل آئے اور بے حد تنگ کرتی ہو تو ایسے میں ذیل کے اعمال سے بفضلہٖ تعالیٰ اس کا خاتمہ ہو جاتا ہے۔

☆ ایک پاک برتن میں دیسی سیاہی سے سورہ طٰہٰ کی یہ آیت مبارکہ لکھ کر روغن بنفشہ سے دھو کر پھنسی پر لگائے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم شفاء ہوگی۔

آیات مبارکہ:-

وَيَسْئَلُوْنَكَ عَنِ الْجِبَالِ فَقُلْ يَنْسِفُهَا رَبِّىْ نَسْفًا ۙ فَيَذَرُهَا قَاعًا صَفْصَفًا ۙ لَّا تَرٰى فِيْهَا عِوَجًا وَّلَآ اَمْتًا ط

نکسیر کا علاج

اگر کسی کو نکسیر پھوٹنے کا عارضہ لاحق رہتا ہو علاج معالجہ سے آرام نہ ملتا ہو تو ایسے میں اس سے مکمل نجات کے لئے ذیل کے اعمال بے حد مفید اور کارگر ہیں۔

☆ نکسیر کے عارضہ کے لئے گیارہ مرتبہ سورہ کافرون اس طرح سے پڑھ کر مریض پر دم کرے کہ اول و آخر گیارہ، گیارہ بار یہ درود پاک پڑھے۔

درود پاک:-

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ النَّبِيِّ الْاُمِيِّ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحٰبِهٖ اَجْمَعِيْنَ

مریض کو آرام آجائے گا اور مرض رفع ہو جائے گا۔

☆ ناک کی بواسیر کے عارضہ سے خلاصی حاصل کرنے کے لئے چاہیے کہ سورہ بقرہ کے پہلے پارہ کی مندرجہ ذیل آیت مبارکہ باوضو حالت میں اکیس مرتبہ پڑھ کر مریض پر دم کیا جائے۔

آیت مبارکہ:۔

هُوَ الَّذِىْ خَلَقَ لَكُمْ مَافِى الْاَرْضِ جَمِيْعًا ق ثُمَّ اسْتَوٰى اِلَى السَّمَآءِ فَسَوّٰهُنَّ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ ط

اکیس یوم تک بلاناغہ روزانہ یہ عمل کیا جائے اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے شفائے کاملہ نصیب ہوگی ناک کی بواسیر کا خاتمہ ہو جائے گا اور تکلیف رفع ہو جائے گی۔

☆ مریض کی پیشانی پر ذیل کی آیت مبارکہ لکھنے سے انشاءاللہ تعالیٰ العزیز نکسیر رک جائے گی۔

آیت مبارکہ:۔

لِكُلِّ نَبَاٍمُّسْتَقَرٌّ وَّسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ

کان درد کا علاج

کانوں کے ہمہ اقسام دردوں کے لئے ذیل کے اعمال شفا کاملہ اور نجات درد کا بہترین علاج ہیں ان کے استعمال سے کانوں کے تمام حصوں سے بہت تیزی سے شفا حاصل ہوتی ہے۔

☆ اگر کسی کے کان میں درد کی شکایت ہو تو باوضو حالت میں چینی کی پلیٹ میں سورہ

یوسف لکھیں اور روغن گل سے دھو کر اس تیل کو نیم گرم حالت میں چند قطرے کان میں ڈالیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز کان کا درد رفع ہو جائے گا۔

☆ اس مقصد کے لئے بقدر ضرورت خالص سرسوں کا تیل ہلکا گرم کر کے اس پر:۔

لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحٰنَكَ ق صلے اِنِّی كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ع

ایک سو ایک مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور متاثرہ کان میں چند قطرے ڈالیں۔ کان میں تیل ہمیشہ ہلکا گرم ڈالیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم شفاء ہوگی۔

کان بجنے (یعنی اس میں گونج) کا علاج

اگر کسی کے کان ہر وقت بجتے رہتے ہوں یا ان میں اکثر گھنٹیاں بجتی ہوں تو ان کے علاج کے لئے ذیل کے اعمال اکسیر اعظم کا حکم رکھتے ہیں۔

☆ سورہ الاعلیٰ پڑھ کر اس پر دم کرنے سے انشاء اللہ تعالیٰ شفاء ہوگی۔

☆ ذیل کی آیت کریمہ پڑھ کر دم کریں یا روغن گل دم کر کے کان میں ٹپکائیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز کان کا بجنا بند ہو جائے گا۔

آیت کریمہ:۔

مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗ اَشِدَّآءُ عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَآءُ بَيْنَهُمْ تَرٰهُمْ رُكَّعًا سُجَّدًا يَّبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَ رِضْوَانًا سِيْمَاهُمْ فِيْ وُجُوْهِهِمْ مِنْ اَثَرِ السُّجُوْدِ ط ذٰلِكَ مَثَلُهُمْ فِي التَّوْرٰةِ وَ مَثَلُهُمْ فِي الْاِنْجِيْلِ ط قف كَزَرْعٍ اَخْرَجَ شَطْاَهٗ فَاٰزَرَهٗ

فَاسْتَغْلَظَ فَاسْتَوٰی عَلٰی سُوْقِهٖ یُعْجِبُ الزُّرَّاعَ لِیَغِیْظَ بِهِمُ الْکُفَّارَ ؕ وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ مِنْهُمْ مَّغْفِرَةً وَّ اَجْرًا عَظِیْمًا ؏

کان بہنے کا علاج

اگر کسی کے کان کسی بیماری یا چوٹ کی وجہ سے بہنے لگیں اور دوا کام نہ دے تو تکلیف سے نجات کے لئے ذیل کے اعمال بے حد کارگر اور مفید ہیں۔

☆ سورہ الاعلیٰ تین بار پڑھ کر کان میں آرام آنے تک دم کیا جائے۔

☆ بہنے والے کان پر ہاتھ رکھ کر سورہ حشر کی ذیل کی آیات مبارکہ پڑھی جائیں۔ انشاءاللہ تعالیٰ العزیز کان بہنا بند ہو جائے گا۔

آیات مبارکہ:۔

لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰی جَبَلٍ لَّرَاَیْتَهٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْیَةِ اللّٰهِ ؕ وَ تِلْكَ الْاَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ یَتَفَكَّرُوْنَ هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ عٰلِمُ الْغَیْبِ وَ الشَّهَادَةِ ۚ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَیْمِنُ الْعَزِیْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ ؕ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا یُشْرِكُوْنَ هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰی ؕ یُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِیْزُ الْحَكِیْمُ ؏

بہرے پن کا علاج

جوکوئی کسی بیماری یا کسی اور وجہ سے بہرہ ہو گیا ہو یا اسے کم سنائی دیتا ہو اور علاج معالجہ کارگر نہ ہوتا ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل اکسیر اعظم کا درجہ رکھتا ہے اس کے استعمال سے اس بیماری سے اللہ عزوجل بہت جلد شفائے کاملہ عاجلہ عطا کرتا ہے۔

ذیل کی آیت مبارکہ سات بار پڑھ کر دم کیا جائے۔

انشاءاللہ تعالیٰ العزیز الحکیم شفاء ہوگی۔

آیت مبارکہ:۔

وَاِذَا قُرِیءَ الْقُرْاٰنُ فَاسْتَمِعُوْا لَهٗ وَاَنْصِتُوْا لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ

ہونٹ پھٹنے کا علاج

ہونٹ کسی بھی وجہ سے پھٹ جانے کی صورت میں ذیل کے اعمال بے حد اکسیر کا درجہ رکھتے ہیں اور ہونٹوں کے پھٹنے کا مرض دائمی دور ہو جاتا ہے۔

☆ سورہ والضحیٰ کی ذیل کی آیات مبارکہ تین بار اور سورہ اذازلزلت کی ذیل کی آیات مبارکہ تین بار پڑھیں اور پڑھنے والا پڑھتے وقت اپنا داہنا ہاتھ پھٹی ہوئی جگہ پر رکھے۔

انشاءاللہ تعالیٰ العزیز درد جاتا رہے گا اور شفاء حاصل ہوگی۔

آیات مبارکہ:۔

وَالضُّحٰی ۙ وَالَّیْلِ اِذَا سَجٰی ۙ مَا وَدَّعَكَ رَبُّكَ وَمَا قَلٰی ؕ وَلَلْاٰخِرَةُ خَیْرٌ لَّكَ مِنَ الْاُوْلٰی ؕ وَلَسَوْفَ یُعْطِیْكَ

رَبُّکَ فَتَرْضٰی ط اَلَمْ یَجِدْکَ یَتِیْمًا فَاٰوٰی ص وَوَجَدَکَ ضَآلًّا فَهَدٰی ص

اِذَازُلْزِلَتِ الْاَرْضُ زِلْزَالَهَا وَاَخْرَجَتِ الْاَرْضُ اَثْقَالَهَا لا وَقَالَ الْاِنْسَانُ مَالَهَا لا یَوْمَئِذٍ تُحَدِّثُ اَخْبَارَهَا ط بِاَنَّ رَبَّکَ اَوْحٰی لَهَا ط یَوْمَئِذٍ یَّصْدُرُالنَّاسُ اَشْتَاتًا لا

☆ پھٹی ہوئی جلد کو ہاتھ سے آپس میں ملا کر پکڑ لیں اور اس پر ذیل کی آیات مبارکہ پڑھیں۔

انشاءاللہ تعالیٰ العزیز الحکیم شفاء ہوگی۔

آیات مبارکہ:-

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

وَالسَّمَآءِ وَالطَّارِقِ لا وَمَآاَدْرٰکَ مَاالطَّارِقُ لا اَلنَّجْمُ الثَّاقِبُ لا اِنْ کُلُّ نَفْسٍ لَّمَّا عَلَیْهَا حَافِظٌ ط فَلْیَنْظُرِالْاِنْسَانُ مِمَّ خُلِقَ ط خُلِقَ مِنْ مَّآءٍ دَافِقٍ لا یَّخْرُجُ مِنْ م بَیْنِ الصُّلْبِ وَالتَّرَآئِبِ ط

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

سَبِّحِ اسْمَ رَبِّکَ الْاَعْلَی لا اَلَّذِیْ خَلَقَ فَسَوّٰی ص وَالَّذِیْ قَدَّرَ فَهَدٰی ص

نقص کلام (لکنت) کا علاج

جس کسی کو ہکلانے تتلانے کا مرض لاحق ہو گیا ہو۔ ہر قسم کے علاج معالجہ سے بھی آرام نہ پاتا ہو تو ایسے میں ذیل کے اعمال بے حد مفید اور کارگر ہیں۔

اس مقصد کے لئے شب جمعہ میں چار رکعت نماز نفل اس طریق سے ادا کرے کہ پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ یٰسین، دوسری رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ دخان، تیسری رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ الجاثیہ اور چوتھی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ ملک پڑھے۔

بعد سلام پھیرنے کے کثرت سے درود پاک پڑھے اور اپنے لئے اللہ تعالیٰ رب العزت سے دعا مانگے اس عمل کی بدولت زبان کی لکنت دور ہو جائے گی یہ عمل تا شفاء مکمل جاری رکھیں۔

درود پاک:-

اَللّٰھُمَّ یَا رَبَّنَا یَا کَرِیْمُ صَلِّ وَسَلِّمْ وَ بَارِکْ بِعَدَدِ کُلِّ ذَرَّۃٍ وَّ خَلَائِقِ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِهٖ وَ اَصْحَابِهٖ وَ جَمِیْعِ الْاَنْبِیَاءِ وَ الْمُرْسَلِیْنَ دَائِمًا اَبَدًا

☆ ذیل کی آیت مبارکہ پڑھ کر چینی پر دم کریں اور اس چینی کو چبائیں یہ عمل اکتالیس روز تک کریں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز نقص کلام کا مرض دور ہو جائے گا۔

آیت مبارکہ:-

رَبِّ اشْرَحْ لِیْ صَدْرِیْ ۙ وَ یَسِّرْ لِیْ اَمْرِیْ ۙ وَ احْلُلْ عُقْدَۃً

مِّنْ لِّسَانِی ۙ یَفْقَهُوْا قَوْلِیْ ۙ

زبان کی سوجن کا علاج

کسی بیماری یا کسی اندرونی وجہ سے اکثر زبان سوج جاتی ہے اور اس کی سوجن بے حد تکلیف دیتی ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل اکسیر کا حکم رکھتا ہے اور باعث نجات سوجن ہے۔

ذیل کی آیت مبارکہ کو اکتالیس مرتبہ پڑھ کر مریض کو دم کیا جائے یا خود مریض فجر اور مغرب کی نماز کے بعد اکیس، اکیس مرتبہ پڑھے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز زبان کی سوجن ختم ہو جائے گی۔

آیت مبارکہ:-

اِنَّ اللّٰهَ یُمْسِکُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ اَنْ تَزُوْلَا ۚ وَلَئِنْ زَالَتَا اِنْ اَمْسَکَهُمَا مِنْ اَحَدٍ مِّنْ بَعْدِهٖ ؕ اِنَّهٗ کَانَ حَلِیْمًا غَفُوْرًا

منہ کی پھنسیوں کا علاج

گرم، بادی، مصالحہ دار اور چٹ پٹی اشیاء کھانے سے یا کسی اور بیماری کی وجہ سے منہ میں چھالے نکل آئیں تو ان کے علاج کے لئے ذیل کے اعمال بے حد مفید اور نافع ہیں۔

☆ اکتالیس مرتبہ سورہ فلق پڑھ کر شہد پر دم کرے اور مریض کو دے کہ وہ اس کو چوس کر کھائے تین یوم تک روزانہ نماز فجر یا نماز عشاء کے بعد یہ عمل کرے۔

بفضلِ باری تعالیٰ منہ کے چھالے ختم ہو جائیں گے اور ان سے ہونے والی

تکلیف بھی دور ہو جائے گی۔

☆ سورہ کوثر اکیس مرتبہ پڑھ کر بادام پر دم کریں اور اسے گھس کر پھنسیوں اور چھالوں پر لگائیں۔

انشاءاللہ تعالیٰ العزیز جلد شفا ہو گی۔

☆ سورہ الضحیٰ اکتالیس بار پڑھ کر چینی پر دم کر کے چبائے۔

انشاءاللہ تعالیٰ العزیز تمام پھنسیاں ختم ہو جائیں گی۔

سورہ اخلاص اکتالیس بار پڑھ کر چینی پر دم کر کے چبانے سے بھی انشاء تعالیٰ تمام پھنسیاں ختم ہو جائیں گی۔

دانت درد کا علاج

ہمہ اقسام کے دانت درد کے لئے ذیل کے اعمال مفید اور نافع ہیں۔

اس مقصد کے لئے باوضو حالت میں پہلے اپنے دائیں ہاتھ پر سات مرتبہ بسم اللہ شریف پڑھ کر دم کریں اور درد والے رخسار پر اس ہاتھ سے مسح کریں اور اس کے بعد ذیل کی آیات مبارکہ کو سات مرتبہ پڑھ کر اس پر دم کریں۔

انشاءاللہ تعالیٰ العزیز اس عمل سے دانت کا درد فی الفور کافور ہو جائے گا۔

آیات مبارکہ:۔

اَوَلَمْ یَرَ الْاِنْسَانُ اَنَّا خَلَقْنٰهُ مِنْ نُّطْفَةٍ فَاِذَا هُوَ خَصِیْمٌ مُّبِیْنٌ وَضَرَبَ لَنَا مَثَلًا وَّنَسِیَ خَلْقَهٗ ؕ قَالَ مَنْ یُّحْیِ الْعِظَامَ وَهِیَ رَمِیْمٌ قُلْ یُحْیِیْهَا الَّذِیْۤ اَنْشَاَهَاۤ اَوَّلَ مَرَّةٍ ؕ وَهُوَ بِكُلِّ خَلْقٍ عَلِیْمُ ۙ الَّذِیْ جَعَلَ لَكُمْ مِّنَ الشَّجَرِ الْاَخْضَرِ نَارًا فَاِذَاۤ اَنْتُمْ مِّنْهُ تُوْقِدُوْنَ

اَوَلَيۡسَ الَّذِیۡ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضَ بِقٰدِرٍ عَلٰۤی اَنۡ یَّخۡلُقَ مِثۡلَهُمۡ بَلٰی ٭ وَهُوَ الۡخَلّٰقُ الۡعَلِیۡمُ اِنَّمَاۤ اَمۡرُهٗۤ اِذَاۤ اَرَادَ شَیۡئًا اَنۡ یَّقُوۡلَ لَهٗ كُنۡ فَیَكُوۡنُ فَسُبۡحٰنَ الَّذِیۡ بِیَدِهٖ مَلَكُوۡتُ كُلِّ شَیۡءٍ وَّ اِلَیۡهِ تُرۡجَعُوۡنَ

اَللّٰهُ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الۡحَیُّ الۡقَیُّوۡمُ لَا تَاۡخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوۡمٌ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الۡاَرۡضِ مَنۡ ذَا الَّذِیۡ یَشۡفَعُ عِنۡدَهٗۤ اِلَّا بِاِذۡنِهٖ یَعۡلَمُ مَا بَیۡنَ اَیۡدِیۡهِمۡ وَمَا خَلۡفَهُمۡ وَلَا یُحِیۡطُوۡنَ بِشَیۡءٍ مِّنۡ عِلۡمِهٖۤ اِلَّا بِمَا شَآءَ وَسِعَ كُرۡسِیُّهُ السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضَ وَلَا یَـُٔوۡدُهٗ حِفۡظُهُمَا وَهُوَ الۡعَلِیُّ الۡعَظِیۡمُ وَلَهٗ مَا سَكَنَ فِی الَّیۡلِ وَ النَّهَارِ وَهُوَ السَّمِیۡعُ الۡعَلِیۡمُ

ثُمَّ سَوّٰهُ وَ نَفَخَ فِیۡهِ مِنۡ رُّوۡحِهٖ وَ جَعَلَ لَكُمُ السَّمۡعَ وَ الۡاَبۡصَارَ وَالۡاَفۡـِٕدَةَ قَلِیۡلًا مَّا تَشۡكُرُوۡنَ ۝

وَ نُنَزِّلُ مِنَ الۡقُرۡاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّ رَحۡمَةٌ لِّلۡمُؤۡمِنِیۡنَ

☆ ذیل کی آیت کریمہ کو کاغذ یا کپڑے پر لکھ کر موم جامہ کر کے درد والے دانت کے نیچے دبائے۔

انشاءاللہ تعالٰی العزیز دانت کا درد جاتا رہے گا۔

آیت کریمہ:۔

لِكُلِّ نَبَاٍ مُّسۡتَقَرٌّ وَّ سَوۡفَ تَعۡلَمُوۡنَ

داڑھ درد کا علاج

جس کسی کی داڑھ میں درد ہو تو ذیل کے اعمال اس کے رفع کرنے کے لئے بے حد مفید ہیں۔

☆ باوضو حالت میں کسی کاغذ کے ٹکڑے پر آیت مبارکہ لَا یَعْلَمُوْنَ لکھیں اور اس پر سات مرتبہ اسی لفظ کی تکرار کر کے دم کریں اور اسے پانچ منٹ کے لئے مطلوبہ داڑھوں کے درمیان رکھ کر دبائے رکھیں درد فی الفور کافور ہو جائے گا۔

☆ سورۃ الطارق کی مندرجہ ذیل آیات مبارکہ زعفران سے درد کے مقام پر لکھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ داڑھ کے درد میں افاقہ ہو گا۔

آیات مبارکہ:۔

وَ السَّمَآءِ ذَاتِ الرَّجْعِ ۙ وَ الْاَرْضِ ذَاتِ الصَّدْعِ ۙ اِنَّهٗ لَقَوْلٌ فَصْلٌ ۙ وَّ مَا هُوَ بِالْهَزْلِ ؕ اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا ۙ وَّ اَكِيْدُ كَيْدًا ۚۖ فَمَهِّلِ الْكٰفِرِيْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا ۧ

☆ ذیل کے حروف مقطعات کو دیوار پر لکھیں صاف میخ (کیل) لے کر پہلے حرف کو زور سے دبائیں۔

حروف مقطعات:۔

ج ب ر ص لا و ع م لا

اور دباتے وقت یہ دعا پڑھیں۔

دعا:-

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
وَلَوْ شَآءَ لَجَعَلَهُ سَاكِنًا ۚ وَلَهُ مَا سَكَنَ فِي الَّيْلِ وَ النَّهَارِ ط
وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ

پھر مریض سے پوچھیں کہ درد ختم ہو گیا؟ اگر وہ جواب دے کہ ہاں ختم ہو گیا تو اس میخ کو اسی حرف پر دیوار میں گاڑ دیں اور اگر وہ نفی میں جواب دے تو اسی طرح دوسرے حرف پر کریں۔ جس حرف پر درد ختم ہو جائے اسی حرف پر میخ دیوار پر ٹھونک دیں۔
انشاء اللہ تعالیٰ العزیز ان حروف میں سے کسی پر درد ختم ہو جائے گا اس عمل کے دوران مریض اپنی انگلی درد والی داڑھ پر رکھے۔

دانت کے کیڑے اور ہلنے کا علاج

اگر دانتوں میں کیڑا لگ جائے اور وہ تنگ کرتا ہو یا اس کی وجہ سے دانت ہلنے لگ جائیں تو ایسے میں ذیل کے عمل سے کیڑا فی الفور نکل جائے گا اور درد سے نجات مل جائے گی تاہم دانتوں کے سوراخ کو بھروانا بے حد ضروری ہے۔
باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر کسی سفید کاغذ یا کپڑے کے ٹکڑے پر ذیل کی آیت مبارکہ لکھیں اور لکھنے کے بعد اس کو کیڑا لگے دانت کے نیچے دبا لیں اور اسی آیت مبارکہ کو گیارہ مرتبہ پڑھ کر اسی دانت پر انگلی رکھ کر دم بھی کریں۔
تقریباً دس منٹ بعد اس کاغذ کو نکال دیں اسی طریق سے تین دن کے عمل مسلسل سے نہ صرف بفضلہٖ تعالیٰ درد سے نجات مل جائے گی بلکہ کیڑا بھی دانت سے باہر آ جائے گا۔

آیت مبارکہ:-

لِلَّذِيْنَ يُؤْلُوْنَ مِنْ نِّسَآئِهِمْ تَرَبُّصُ اَرْبَعَةِ اَشْهُرٍ ۚ فَاِنْ فَآءُوْ فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ

لقوہ کا علاج

لقوہ ایک نامراد مرض ہے اور اس کے علاج میں کئی قسم کی دشواریاں پیش آتی ہیں بہر حال صبر اور تحمل سے ذیل کے اعمال کرنے سے اس سے بفضلہٖ تعالیٰ مکمل نجات مل جائے گی۔

☆ قلعی دار تانبے کا طشت لے کر اس کو خوب صاف کر کے اس میں یہ آیتیں مشک و گلاب سے لکھ کر پاک پانی سے دھو کر لقوہ والے کا منہ دھلایا جائے اور منہ دھونے کے بعد اس طشت میں تین گھنٹہ تک نظر رکھے اسی طرح تین روز تک کرے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز شفاء حاصل ہوگی۔

لقوہ والا شخص پھر کبھی بھی اس مرض میں مبتلا نہ ہوگا۔

آیات مبارکہ:-

قَدْ نَرٰى تَقَلُّبَ وَجْهِكَ فِى السَّمَآءِ ۚ فَلَنُوَلِّيَنَّكَ قِبْلَةً تَرْضٰهَا فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ؕ

☆ اس مقصد کے لئے روزانہ رات کو سوتے وقت سورہ اعراف اور سورہ جن کی آیات مبارکہ ذیل گیارہ مرتبہ، اول و آخر درود شفاء گیارہ، گیارہ مرتبہ پڑھ کر سویا کرے۔

انشاء اللہ اس عمل کی بدولت تا حیات فالج و لقوہ سے محفوظ و مامون رہے گا۔

آیات مبارکہ:-

اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ فِیْ سِتَّةِ اَیَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ ۫ یُغْشِی الَّیْلَ النَّهَارَ یَطْلُبُهٗ حَثِیْثًا ۙ وَّ الشَّمْسَ وَ الْقَمَرَ وَ النُّجُوْمَ مُسَخَّرٰتٍۭ بِاَمْرِهٖ ؕ اَلَا لَهُ الْخَلْقُ وَ الْاَمْرُ ؕ تَبٰرَكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِیْنَ اُدْعُوْا رَبَّكُمْ تَضَرُّعًا وَّ خُفْیَةً ؕ اِنَّهٗ لَا یُحِبُّ الْمُعْتَدِیْنَ ۚ وَ لَا تُفْسِدُوْا فِی الْاَرْضِ بَعْدَ اِصْلَاحِهَا وَ ادْعُوْهُ خَوْفًا وَّ طَمَعًا ؕ اِنَّ رَحْمَتَ اللّٰهِ قَرِیْبٌ مِّنَ الْمُحْسِنِیْنَ ۝ قُلْ اُوْحِیَ اِلَیَّ اَنَّهُ اسْتَمَعَ نَفَرٌ مِّنَ الْجِنِّ فَقَالُوْۤا اِنَّا سَمِعْنَا قُرْاٰنًا عَجَبًا ۙ یَّهْدِیْۤ اِلَى الرُّشْدِ فَاٰمَنَّا بِهٖ ؕ وَ لَنْ نُّشْرِكَ بِرَبِّنَاۤ اَحَدًا ۙ وَّ اَنَّهٗ تَعٰلٰى جَدُّ رَبِّنَا مَا اتَّخَذَ صَاحِبَةً وَّ لَا وَلَدًا ۙ وَّ اَنَّهٗ كَانَ یَقُوْلُ سَفِیْهُنَا عَلَى اللّٰهِ شَطَطًا ۙ

☆ باوضو حالت میں روغن زیتون لے کر اس پر سورہ مریم شریف اکتالیس مرتبہ، سورہ یٰسین اکتالیس مرتبہ اور سورہ جمعہ اکتالیس مرتبہ اور درود پاک شفاء اول و آخر اکتالیس مرتبہ پڑھ کر اس تیل یا روغن کو دم کریں اور پھر اس سے قدرے تیل لے کر متاثرہ جسم پر آہستہ آہستہ مالش کریں اور ساتھ ساتھ درود شفاء بھی پڑھ کر دم کرتے رہیں اس سے مریض کو افاقہ ہو جائے گا چند دنوں کے عمل سے مریض شفایاب ہو جائے گا اور اس مرض سے مکمل نجات مل جائے گی۔

☆ جو شخص ہر روز اشراق کی نماز کے بعد ایک مرتبہ سورہ الشمس پڑھ لیا کرے اللہ تعالیٰ عزوجل اسے لقوہ سے محفوظ رکھے گا۔

☆ ذیل کی آیت کریمہ کو سوتے وقت پڑھنے سے فالج اور لقوہ سے محفوظ رہتا ہے۔

آیت کریمہ:۔

اِنَّ رَبَّکُمُ اللّٰهُ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ فِیْ سِتَّةِ اَیَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰی عَلَی الْعَرْشِ قف یُغْشِی الَّیْلَ النَّهَارَ یَطْلُبُهٗ حَثِیْثًا لا وَّ الشَّمْسَ وَ الْقَمَرَ وَ النُّجُوْمَ مُسَخَّرٰتٍ بِاَمْرِهٖ ط اَلَا لَهُ الْخَلْقُ وَ الْاَمْرُ تَبٰرَکَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِیْنَ

مسوڑھوں کے درد (پائیوریا) کا علاج

پائیوریا ایک نامراد مرض ہے اور اسکی وجہ سے کئی امراض جنم لیتے ہیں اس کے معاملہ میں لاپرواہی صحت کے لئے بے حد نقصان دہ ہے۔ اس کے شافی علاج اور اس موذی مرض سے ہمیشہ کے لئے نجات حاصل کے لئے ذیل کے اعمال اکسیر کا حکم رکھتے ہیں۔

☆ سورۃ المرسلات کی مندرجہ ذیل آیات مبارکہ باوضو ہو کر سات مرتبہ پڑھیں اور سیاہ مرچوں پر دم کر کے دانتوں پر ملیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز مسوڑھوں کی سوجن دور ہو جائے گی اور دانت کے درد میں آرام آ جائے گا۔

آیات مبارکہ:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

وَ الْمُرْسَلٰتِ عُرْفًا لا فَالْعٰصِفٰتِ عَصْفًا لا وَ النّٰشِرٰتِ نَشْرًا لا فَالْفٰرِقٰتِ فَرْقًا لا فَالْمُلْقِیٰتِ ذِکْرًا لا عُذْرًا اَوْ نُذْرًا لا اِنَّمَا تُوْعَدُوْنَ

لَوَاقِعٌ ط

☆ ذیل کی آیت کریمہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔
انشاء اللہ تعالیٰ العزیز یہ عارضہ جاتا رہے گا اور بدبو بھی ختم ہو جائے گا۔

آیت کریمہ:۔

وَلَهُ مَا سَكَنَ فِي الَّيْلِ وَ النَّهَارِ ط وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ

حلق کی خراش اور درد کا علاج

حلق کی خراش اور درد کے لئے ذیل کے اعمال بے حد کارگر اور مفید ہیں۔
☆ گائے کے مکھن پر ذیل کی آیت کریمہ ایک سو ایک بار پڑھ کر دم کریں اور حلق کے اندر لگائیں اور اسی آیت کریمہ کو نمک پر سات دفعہ پڑھ کر دم کریں اور چاٹ لیں۔
انشاء اللہ تعالیٰ العزیز فائدہ ہو گا مجرب ہے۔

آیت کریمہ:۔

فَلَوْلَا اِذَا بَلَغَتِ الْحَلْقُوْمَ لا وَ اَنْتُمْ حِيْنَئِذٍ تَنْظُرُوْنَ

☆ ذیل کی آیت کریمہ لکھ کر مریض کے گلے میں باندھیں مفید ہے۔

آیت کریمہ:۔

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
قَالَ هٰذَا رَحْمَةٌ مِّنْ رَّبِّيْ.
سَلٰمٌ قف قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ

☆ حلق کے درد کے لئے ذیل کی آیت کریمہ لکھ کر تعویذ بنائیں اور گلے میں ڈالیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ شفاء ہوگی۔

آیت کریمہ:-

اَوَلَمْ يَرَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا اَنَّ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ كَانَتَا رَتْقًا فَفَتَقْنٰهُمَا وَ جَعَلْنَا مِنَ الْمَآءِ كُلَّ شَيْءٍ حَيٍّ ؕ اَفَلَا يُؤْمِنُوْنَ

آماس گلو (گلے کے ورم) یا ورم، غدود کا علاج

گلے کے اندر پیدا ہونے والے غدودوں اور گلے کے پھول جانے جیسے امراض کے لئے ذیل کا عمل بے حد نفع بخش اور کارگر ہے۔

اس مقصد کے لئے گندم کا آٹا گوندھ کر اسے گلے کی جگہ پر رکھ کر باوضو حالت میں لوہے کی چھری جس کے دستے میں تین کیل جڑے ہوئے ہوں ہاتھ میں پکڑ کر سورہ الناس اس طرح سے پڑھے۔

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۝ کٹ ورم غدود کٹ سختی مَلِكِ النَّاسِ ۝ ناس کٹ ورم غدود کٹ سختی اِلٰهِ النَّاسِ ۝ ناس کٹ ورم غدود کٹ سختی مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۝ الْخَنَّاسِ ۝ ناس کٹ ورم غدود کٹ سختی الَّذِيْ يُوَسْوِسُ فِيْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۝ ناس کٹ ورم غدود کٹ سختی مِنَ الْجِنَّةِ وَ النَّاسِ ۝ الناس

اس کے بعد آٹے کی ٹکیہ پر نشان + چھری سے لگائے اور ٹکیہ کو الٹ کر اسی طرح

پھر دو مرتبہ سورہ الناس پڑھے۔

سات، گیارہ یا چالیس یوم تک پڑھنے سے بفضلِ باری تعالیٰ آرام آ جاتا ہے پروردگار عالم شفاء سے نوازتا ہے۔

عمل کے دوران جب عمل مکمل ہو جائے تو روزانہ آٹے کی ٹکیاں پرندوں کو کھلا دے اگر یہ عمل کنٹھ مالا کے لیے کرنا مقصود ہوتو پھر کٹ تلی کی جگہ کٹ گٹھلی کٹ تختی کے الفاظ پڑھے اور آٹے کی ٹکیہ کی بجائے صاف اور پاک مٹی کی ٹکیہ بنائے اور عمل کرنے کے بعد دریا یا کسی بھی پاک جاری شدہ پانی میں ڈال دے۔

اللہ تعالیٰ عزوجل کے فضل وکرم سے بیماری جاتی رہے گی اور مکمل طور پر آرام آ جائے گا۔

گردن میں درد کا علاج

سی وجہ سے گردن میں درد ہو جائے تو اس کے رفع کے لئے ذیل کے اعمال کارگر اور اسیر ہیں۔

☆ بعد نماز فجر اکتالیس مرتبہ ذیل کی آیات مبارکہ پڑھ کر دم کیا جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ العزیز درد جاتا رہے گا۔

آیات مبارکہ:۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ حَسْبُنَا اللّٰہُ وَ نِعْمَ الْوَکِیْلُ فَتَبَارَکَ اللّٰہُ اَحْسَنُ الْخَالِقِیْنَ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ

☆ اس مقصد کے لئے کسی سفید کاغذ پر باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر ذیل کا نقش

سورہ مبارکہ مزمل شریف لکھ کر اوپر سورہ مزمل شریف پانچ بار پڑھ کر دم کر کے گردن پر موم جامہ کر کے باندھ دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ العزیز بفضلِ خداوند تعالیٰ درد گردن رفع ہو جائے گا اور مکمل آرام آ جائے گا۔

نقش:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

۲۲۸۲۳	۲۲۸۱۸	۲۲۸۲۵
۲۲۸۲۴	۲۲۸۲۲	۲۲۸۲۰
۲۲۸۱۹	۲۲۸۲۶	۲۲۸۲۱

دردِ سینہ کا علاج

اکثر موسمی لاپرواہی سے درد سینہ کا مرض لاحق ہو جاتا ہے اس کے شافی علاج کے لئے ذیل کے اعمال بے حد مفید اور اکسیر ہیں۔

☆ ذیل کا نقش باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر چینی کی پلیٹ پر زعفران وشہد سے لکھیں اور اس پر سورہ رحمٰن ایک مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور پھر اس کو پانی سے دھو کر یہ پانی مریض کو دن میں وقفے وقفے سے دو دو گھونٹ پلائیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز مرض میں فوری افاقہ ہوگا یہ عمل چالیس یوم تک کریں اس عمل سے مرض ہمیشہ کے لیے رفع ہو جائے گا اور پھر کبھی ایسی شکایت پیدا نہ ہوگی۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

۲۷۲	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۲۷۱	۱۲
۳	۱۶	۹	۲۷۰
۱۰	۲۶۹	۴	۱۵

☆ ذیل کی آیت مبارکہ لکھ کر گلے میں پہن لے۔
انشاءاللہ تعالیٰ العزیز سینہ کے درد سے محفوظ رہے گا۔

آیت کریمہ:۔

اَفَمَنۡ شَرَحَ اللّٰهُ صَدۡرَهٗ لِلۡاِسۡلَامِ فَهُوَ عَلٰى نُوۡرٍ مِّنۡ رَّبِّهٖ فَوَيۡلٌ لِّلۡقٰسِيَةِ قُلُوۡبُهُمۡ مِّنۡ ذِكۡرِ اللّٰهِ اُولٰٓئِكَ فِىۡ ضَلٰلٍ مُّبِيۡنٍ

☆ سورہ الم نشرح پڑھ کر دم کریں اور لکھ کر پانی سے دھو کر سینہ پر ملیں۔ انشاءاللہ تعالیٰ العزیز شفاء ہو گی۔

☆ سورہ فاتحہ سنت و فجر کے درمیان اکتالیس بار پڑھ کر دم کرنے سے درد جاتا رہتا ہے اور دوسرے امراض کے لئے بھی مفید و مجرب ہے اور بڑی شرف یہ ہے کہ عامل و مریض دونوں خوش اعتقاد ہوں۔

سات مرتبہ آب زمزم پر ذیل کی آیت مبارکہ پڑھ کر مریض کو پلایا جائے۔
انشاءاللہ تعالیٰ العزیز الحکیم درد جاتا رہے گا۔

آیت مبارکہ:۔

وَ شِفَآءٌ لِّمَا فِى الصُّدُوۡرِ ۙ

کالی کھانسی

کالی کھانسی ایک نامراد مرض ہے اور بچوں کو بالخصوص بے حد پریشان کرتی ہے۔ ایسے میں اس سے شفاءِ کاملہ کے لئے ذیل کے اعمال بے حد اکسیر ہیں۔

☆ سات دن تک اکتالیس مرتبہ سورہ الم نشرح پانی پر دم کر کے پلایا جائے اور اسی صورت کو لکھ کر گلے میں لٹکائے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز شفاء ہوگی مجرب ہے۔

☆ سورہ غاشیہ تین بار پانی پر دم کر کے پلائے اور اسی کو لکھ کر گلے میں پہننے سے کالی کھانسی ختم ہو جائے گی بہت ہی مفید اور مجرب عمل ہے۔

کھانسی/خشک کھانسی کا علاج

کھانسی ویسے ہی پریشان کن مرض ہے جبکہ خشک کھانسی کی صورت میں انسان اس سے بے حد اذیت محسوس کرتا ہے اسے اکثر کتا کھانسی کہا جاتا ہے اس کے شافی علاج کے لئے ذیل کے اعمال اکسیر اور نافع ہیں۔

☆ اس مقصد کے لے روغن چنبیلی کی مالش گلے پر کریں اور سو جائیں صبح کو اٹھ کر نیم گرم پانی سے گلے کو دھولیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز سات یوم کے اندر اندر مکمل شفاء حاصل ہوگی۔

☆ کھانسی کے مرض میں مبتلا مریض کو باوضو حالت میں اکتالیس مرتبہ سورہ فلق پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلایا جائے تو مریض کو فوری طور پر افاقہ ہوگا سات یوم تک بلاناغہ پانی دم کیا ہوا پلانے سے بفضلِ باری تعالیٰ کالی کھانسی کی شکایت رفع ہو جاتی ہے

پروردگار عالم صحت کاملہ سے نوازتا ہے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز اس عارضہ سے نجات پالے گا۔

☆ سورہ اخلاص اکتالیس مرتبہ پانی پر دم کر کے پلانا کھانسی کے لیے بہت ہی مفید ہے۔

بلغم (صفراء) کا علاج

جب سانس کی نالیوں میں بلغم کی زیادتی ہو جائے تو اس سے انسان بے پناہ تکلیف محسوس کرتا ہے اس سے مکمل نجات کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے اس سے مکمل شفا حاصل ہو جاتی ہے۔

ایسے شخص کو چاہیے کہ وہ نمک کی سات چھوٹی کنکری لے کر باوضو ان میں سے ایک کنکری پر سات مرتبہ آیت الکرسی اور ایک مرتبہ سورہ ملک پڑھ کر دم کرے۔ ہر روز نہار منہ علی الصبح ایک کنکری نمک منہ میں رکھ کر چوس لے انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم چند یوم کے اندر اندر بلغم بالکل ختم ہو جائے گی اور پھر کبھی شکایت نہ ہو گی۔ دائمی شکایت کے لیے یہ عمل تین ہفتے تک دہرانے سے تاحیات مرض دوبارہ نہیں ابھرتا ہے۔

ذات الجنب اور پھیپھڑوں کا علاج

ٹی بی، پھیپھڑوں میں پانی بھر جانا ایک متعدی اور موذی مرض ہے اس کے علاوہ اس کے جراثیموں سے دوسروں کو بھی یہ مرض لاحق ہونے کا خدشہ ہوتا ہے ایسے میں ذیل کے اعمال بے حد نافع اور کارگر ہیں مسلسل استعمال سے اس مرض سے ہمیشہ کے لئے نجات کلیہ مل جاتی ہے۔

☆ سورہ یٰسین کی مندرجہ ذیل آیات مبارکہ باوضو ہو کر پاک و صاف کاغذ پر لکھیں

اور تعویذ کی شکل میں مریض کے گلے میں ڈال دیں۔ اس کے ساتھ ہی گیارہ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کریں اور پلا دیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز سات یوم تک پانی پلانے سے اللہ تعالیٰ شفاء نصیب فرمائے گا اور درد سے نجات حاصل ہو جائے گی۔

آیات مبارکہ:-

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يٰسٓ ۚ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ ۙ اِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ۙ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۙ تَنْزِيْلَ الْعَزِيْزِ الرَّحِيْمِ ۙ لِتُنْذِرَ قَوْمًا مَّآ اُنْذِرَ اٰبَآؤُهُمْ فَهُمْ غٰفِلُوْنَ ○ لَقَدْ حَقَّ الْقَوْلُ عَلٰٓى اَكْثَرِهِمْ فَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ اِنَّا جَعَلْنَا فِيْٓ اَعْنَاقِهِمْ اَغْلٰلًا فَهِيَ اِلَى الْاَذْقَانِ فَهُمْ مُّقْمَحُوْنَ ○ وَ جَعَلْنَا مِنْ ۢ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ سَدًّا وَّمِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَاَغْشَيْنٰهُمْ فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ ○ وَ سَوَآءٌ عَلَيْهِمْ ءَاَنْذَرْتَهُمْ اَمْ لَمْ تُنْذِرْهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ○ اِنَّمَا تُنْذِرُ مَنِ اتَّبَعَ الذِّكْرَ وَ خَشِيَ الرَّحْمٰنَ بِالْغَيْبِ فَبَشِّرْهُ بِمَغْفِرَةٍ وَّ اَجْرٍ كَرِيْمٍ ○ اِنَّا نَحْنُ نُحْيِ الْمَوْتٰى وَ نَكْتُبُ مَا قَدَّمُوْا وَ اٰثَارَهُمْ وَ كُلَّ شَيْءٍ اَحْصَيْنٰهُ فِيْٓ اِمَامٍ مُّبِيْنٍ ۧ

☆ ہر روز باوضو حالت میں ذیل کی آیات کو تین مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور انہی آیات کو سفید کاغذ پر زعفران و گلاب سے تحریر کر کے خوشبو لگا کر اس نقش پر انہی آیات کا اکتالیس مرتبہ مدد کر کے دم کریں اور موم جامہ کر کے اس نقش کو پہلو پر باندھ دیں اس نقش کو اس جگہ سے ہٹنا نہیں چاہیے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اکیس یوم کے اندر اندر مکمل شفاء حاصل ہو گی۔

آیات مبارکہ:-

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

اِنَّ فِیۡ خَلۡقِ السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضِ وَ اخۡتِلَافِ الَّيۡلِ وَ النَّهَارِ لَاٰيٰتٍ لِّاُولِی الۡاَلۡبَابِ ۚۙ الَّذِيۡنَ يَذۡكُرُوۡنَ اللّٰهَ قِيَامًا وَّ قُعُوۡدًا وَّ عَلٰی جُنُوۡبِهِمۡ وَ يَتَفَكَّرُوۡنَ فِیۡ خَلۡقِ السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضِ ۚ رَبَّنَا مَا خَلَقۡتَ هٰذَا بَاطِلًا سُبۡحٰنَكَ فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ۝ رَبَّنَاۤ اِنَّكَ مَنۡ تُدۡخِلِ النَّارَ فَقَدۡ اَخۡزَيۡتَهٗ ؕ وَمَا لِلظّٰلِمِيۡنَ مِنۡ اَنۡصَارٍ ۝ رَبَّنَاۤ اِنَّنَا سَمِعۡنَا مُنَادِيًا يُّنَادِیۡ لِلۡاِيۡمَانِ اَنۡ اٰمِنُوۡا بِرَبِّكُمۡ فَاٰمَنَّا رَبَّنَا فَاغۡفِرۡ لَنَا ذُنُوۡبَنَا وَ كَفِّرۡ عَنَّا سَيِّاٰتِنَا وَ تَوَفَّنَا مَعَ الۡاَبۡرَارِ رَبَّنَا وَ اٰتِنَا مَا وَعَدۡتَّنَا عَلٰی رُسُلِكَ وَلَا تُخۡزِنَا يَوۡمَ الۡقِيٰمَةِ ؕ اِنَّكَ لَا تُخۡلِفُ الۡمِيۡعَادَ

☆ اول و آخر تین تین بار درود شریف اور گیارہ بار ذیل کی آیات مبارکہ پانی پر دم کر کے اکتالیس روز تک مسلسل مریض کو پلایا جائے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز پھیپھڑوں کا درد اور ذات الجنب سے نجات مل جائے گی۔

آیات مبارکہ:-

اَلرَّحۡمٰنُ ۝ عَلَّمَ الۡقُرۡاٰنَ ۝ خَلَقَ الۡاِنۡسَانَ ۝ عَلَّمَهُ الۡبَيَانَ ۝ اَلشَّمۡسُ وَ الۡقَمَرُ بِحُسۡبَانٍ ۝ وَّ النَّجۡمُ وَ الشَّجَرُ يَسۡجُدٰنِ ۝ السَّمَآءَ رَفَعَهَا وَوَضَعَ الۡمِيۡزَانَ ۝ وَ الۡاَرۡضَ وَضَعَهَا لِلۡاَنَامِ ۝ فِيۡهَا فَاكِهَةٌ وَّ النَّخۡلُ ذَاتُ الۡاَكۡمَامِ ۝ وَ الۡحَبُّ ذُو الۡعَصۡفِ وَ

الرَّيۡحَانُ ۚ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ خَلَقَ الۡاِنۡسَانَ مِنۡ صَلۡصَالٍ کَالۡفَخَّارِ ۙ وَ خَلَقَ الۡجَآنَّ مِنۡ مَّارِجٍ مِّنۡ نَّارٍ ۚ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ۝ رَبُّ الۡمَشۡرِقَیۡنِ وَ رَبُّ الۡمَغۡرِبَیۡنِ ۚ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ۝ مَرَجَ الۡبَحۡرَیۡنِ یَلۡتَقِیٰنِ ۙ

یٰسٓ ۚ وَ الۡقُرۡاٰنِ الۡحَکِیۡمِ ۙ اِنَّکَ لَمِنَ الۡمُرۡسَلِیۡنَ ۙ عَلٰی صِرَاطٍ مُّسۡتَقِیۡمٍ ؕ تَنۡزِیۡلَ الۡعَزِیۡزِ الرَّحِیۡمِ ۙ لِتُنۡذِرَ قَوۡمًا مَّاۤ اُنۡذِرَ اٰبَآؤُہُمۡ فَہُمۡ غٰفِلُوۡنَ لَقَدۡ حَقَّ الۡقَوۡلُ عَلٰۤی اَکۡثَرِہِمۡ فَہُمۡ لَا یُؤۡمِنُوۡنَ ۝ اِنَّا جَعَلۡنَا فِیۡۤ اَعۡنَاقِہِمۡ اَغۡلٰلًا فَہِیَ اِلَی الۡاَذۡقَانِ فَہُمۡ مُّقۡمَحُوۡنَ ۝ وَ جَعَلۡنَا مِنۡۢ بَیۡنِ اَیۡدِیۡہِمۡ سَدًّا وَّ مِنۡ خَلۡفِہِمۡ سَدًّا فَاَغۡشَیۡنٰہُمۡ فَہُمۡ لَا یُبۡصِرُوۡنَ ۝ وَ سَوَآءٌ عَلَیۡہِمۡ ءَاَنۡذَرۡتَہُمۡ اَمۡ لَمۡ تُنۡذِرۡہُمۡ لَا یُؤۡمِنُوۡنَ ۝ اِنَّمَا تُنۡذِرُ مَنِ اتَّبَعَ الذِّکۡرَ وَ خَشِیَ الرَّحۡمٰنَ بِالۡغَیۡبِ فَبَشِّرۡہُ بِمَغۡفِرَۃٍ وَّ اَجۡرٍ کَرِیۡمٍ ۝ اِنَّا نَحۡنُ نُحۡیِ الۡمَوۡتٰی وَ نَکۡتُبُ مَا قَدَّمُوۡا وَ اٰثَارَہُمۡ ؕ وَ کُلَّ شَیۡءٍ اَحۡصَیۡنٰہُ فِیۡۤ اِمَامٍ مُّبِیۡنٍ ۚ

دمہ (سانس کا پھولنا) کا علاج

دمہ ایک تکلیف دہ مرض ہے سانس کی نالیوں کے اچانک تنگ ہو جانے سے سانس لینا دشوار ہوتا ہے اور علاج معالجہ سے بھی یہ مرض نہیں جاتا ایسے میں اس سے کامل نجات کے لئے ذیل کے اعمال بے حد مفید اور کارگر ہیں۔

☆ ذیل کی آیت مبارکہ زعفران و گلاب و مشک سے لکھ کر موم جامہ کر کے مریض کے گلے میں ڈالا جائے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز مرض جاتا رہے گا۔

آیت مبارکہ:۔

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ؕ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗ اِلَّا بِاِذْنِهٖ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ ۚ وَلَا يَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ لَآ اِكْرَاهَ فِي الدِّيْنِ قَدْ تَّبَيَّنَ الرُّشْدُ مِنَ الْغَيِّ ۚ فَمَنْ يَّكْفُرْ بِالطَّاغُوْتِ وَ يُؤْمِنْ ۢ بِاللّٰهِ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى ۗ لَا انْفِصَامَ لَهَا ؕ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۝ اَللّٰهُ وَلِيُّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۙ يُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ؕ وَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَوْلِيٰٓـئُهُمُ الطَّاغُوْتُ ۙ يُخْرِجُوْنَهُمْ مِّنَ النُّوْرِ اِلَى الظُّلُمٰتِ ؕ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝

☆ سورہ فاتحہ چینی کی رکابی پر زعفران سے لکھ کر سات یوم تک مسلسل دمہ کے مریض کو پلایا جائے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز شفاء ہوگی۔

☆ سورہ بقرہ کی ذیل کی آیات مبارکہ زعفران و گلاب و مشک سے لکھ کر موم جامہ کر کے دمہ کے مریض کے گلے میں ڈالیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز فائدہ ہوگا۔

آیات مبارکہ:-

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ۝ اٰمَنَ الرَّسُوۡلُ بِمَاۤ اُنۡزِلَ اِلَيۡهِ مِنۡ رَّبِّهٖ وَالۡمُؤۡمِنُوۡنَ ؕ كُلٌّ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَمَلٰٓـئِكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ ۚ لَا نُفَرِّقُ بَيۡنَ اَحَدٍ مِّنۡ رُّسُلِهٖ ۚ وَقَالُوۡا سَمِعۡنَا وَاَطَعۡنَا غُفۡرَانَكَ رَبَّنَا وَاِلَيۡكَ الۡمَصِيۡرُ ۝ لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفۡسًا اِلَّا وُسۡعَهَا ؕ لَهَا مَا كَسَبَتۡ وَعَلَيۡهَا مَا اكۡتَسَبَتۡ ؕ رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذۡنَاۤ اِنۡ نَّسِيۡنَاۤ اَوۡ اَخۡطَاۡنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تَحۡمِلۡ عَلَيۡنَاۤ اِصۡرًا كَمَا حَمَلۡتَهٗ عَلَى الَّذِيۡنَ مِنۡ قَبۡلِنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلۡنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ ۚ وَاعۡفُ عَنَّا ۚ وَاغۡفِرۡ لَنَا ۚ وَارۡحَمۡنَا ۚ اَنۡتَ مَوۡلٰٮنَا فَانۡصُرۡنَا عَلَى الۡقَوۡمِ الۡكٰفِرِيۡنَ ۝

درد دل کا علاج

اکثر دل کے مقام پر اچانک درد اٹھتا ہے اور انسان کو بے چین کر دیتا ہے یہ درد کئی آنے والی بیماریوں کا پیش خیمہ ہوتا ہے اس لئے اس کے علاج میں کوتاہی سے کام بالکل نہ لیں۔ بہرحال ذیل کے اعمال اس کے لئے اکسیر کا درجہ رکھتے ہیں۔

☆ ہر روز نماز عشاء کے بعد تنہائی میں باوضو ہو کر بیٹھے اور مکمل توجہ و یکسوئی کے ساتھ تین مرتبہ سورہ یوسف اس طرح پڑھے کہ شروع کرتے وقت پہلی آیت کی اکیس مرتبہ تکرار کرے اور پھر سورہ مکمل کرے۔

انشاءاللہ تعالیٰ العزیز سات یوم تک اسی طرح کرے سات یوم میں ہی افاقہ ہوگا سات یوم کے بعد بھی اس عمل کو جاری رکھے بفضلِ باری تعالیٰ العزیز دل کے تمام امراض سے محفوظ رہے گا اللہ تعالیٰ اسے اپنی حفظ وامان میں رکھے گا۔

☆ ذیل کی آیات مبارکہ گلاب و زعفران سے کسی سفید کاغذ پر لکھے اور پانی سے دھو کر پیئے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم درد دور ہوگا۔

آیات مبارکہ:-

اَللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ؕ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ ؕ مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَهٗۤ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ؕ یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖۤ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِیُّهُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ ۚ وَلَا یَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ

☆ سورہ الم نشرح پڑھ کر سینے پر دم کرنے سے تنگی اور درد دل کو بہت زیادہ سکون ہوتا ہے۔

کسی کے دل میں درد ہو تو ذیل کی آیت کریمہ لکھ کر تعویذ بنا کر گلے میں اس طرح لٹکایا جائے کہ تعویذ دل پر رہے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز درد ختم ہو جائے گا۔

آیت کریمہ:-

یَخْرُجُ مِنْ بُطُوْنِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ فِیْهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ ؕ

☆ باوضو حالت میں ایک سفید مربع کاغذ جو کم از کم تین انچ مربع ہو اس پر موٹے الفاظ میں لفظ اللہ لکھے پھر ہر نماز کے بعد کچھ لمحوں کے لیے اس کاغذ پر نگاہ جمائے رکھے اور یہ خیال کرے کہ یہی لفظ میرے قلب پر بھی نقش ہے اور اس کے ساتھ ذیل کی آیت مبارکہ (آیت الکرسی) سات بار اول و آخر درود پاک تین تین بار پڑھ کر اس کاغذ پر اور

اپنے قلب پر پھونک لگائے اور یہ تصور رکھے کہ میں اس لفظ کی بدولت دل کے تمام امراض سے پاک ہوگیا ہوں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم گیارہ روز کے اندر اندر اس کی برکات ظاہر ہوں گی اور انسان دل کے عارضہ میں بے انتہا کمی محسوس کرے گا چالیس روز کے عمل سے دل کا عارضہ ہمیشہ کیلئے ختم ہو جائے گا اور باطنی استعداد اور قوت قلب بھی بہت بڑھ جائے گی۔

آیت مبارکہ:۔

اَللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ؕ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ ؕ مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَهٗۤ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ؕ یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖۤ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِیُّهُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ ۚ وَلَا یَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ

دل ڈوبنے کا علاج

ذیل کی آیت کریمہ لکھ کر دل کے مریض کے گلے میں باندھنا اور چینی کی پلیٹ پر لکھ کر دھو کر پلانا بہت ہی مفید اور نافع ہے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز فائدہ ہوگا۔

آیت کریمہ:۔

قُلْ یٰعِبَادِیَ الَّذِیْنَ اَسْرَفُوْا عَلٰۤی اَنْفُسِهِمْ لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ جَمِیْعًا ؕ اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ

☆ سورہ فتح کی ذیل کی آیات مبارکہ پانی پر دم کر کے سات دن تک پلانا دل کے تمام امراض کے لئے فائدہ بخش ہے۔

آیات مبارکہ:-

لَقَدْ صَدَقَ اللّٰهُ رَسُوْلَهُ الرُّءْيَا بِالْحَقِّ ۚ لَتَدْخُلُنَّ الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ اٰمِنِيْنَ ۙ مُحَلِّقِيْنَ رُءُوْسَكُمْ وَ مُقَصِّرِيْنَ ۙ لَا تَخَافُوْنَ ؕ فَعَلِمَ مَا لَمْ تَعْلَمُوْا فَجَعَلَ مِنْ دُوْنِ ذٰلِكَ فَتْحًا قَرِيْبًا ۝ هُوَ الَّذِيْۤ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰى وَ دِيْنِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ ؕ وَ كَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا ؕ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ؕ وَ الَّذِيْنَ مَعَهٗۤ اَشِدَّآءُ عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَآءُ بَيْنَهُمْ تَرٰىهُمْ رُكَّعًا سُجَّدًا يَّبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَ رِضْوَانًا سِيْمَاهُمْ فِيْ وُجُوْهِهِمْ مِّنْ اَثَرِ السُّجُوْدِ ؕ ذٰلِكَ مَثَلُهُمْ فِي التَّوْرٰىةِ ۚ وَ مَثَلُهُمْ فِي الْاِنْجِيْلِ ۚ كَزَرْعٍ اَخْرَجَ شَطْـَٔهٗ فَاٰزَرَهٗ فَاسْتَغْلَظَ فَاسْتَوٰى عَلٰى سُوْقِهٖ يُعْجِبُ الزُّرَّاعَ لِيَغِيْظَ بِهِمُ الْكُفَّارَ ؕ وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ مِنْهُمْ مَّغْفِرَةً وَّ اَجْرًا عَظِيْمًا ۧ

کمزوری قلب

دل کی بیماریوں کی وجہ سے دل کمزور ہو جاتا ہے اور تھوڑی سی مشقت سے دل کی دھڑکن تیز ہو جاتی ہے سانس پھولنے لگتا ہے ایسے میں اس کے علاج کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔

روزانہ نماز فجر کے بعد اکیس مرتبہ ذیل کی آیت کریمہ پڑھے اور ذیل میں دیا ہوا نقش مبارک باوضو حالت میں عرق گلاب و زعفران سے لکھ کر تعویذ کی طرح اپنے بائیں بازو پر باندھے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز قلب کو تقویت حاصل ہو گی اور دل مضبوط ہو جائے گا پروردگار عالم اپنا خصوصی فضل و کرم نازل فرمائے گا۔

آیت کریمہ:۔

لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحٰنَكَ ۖ اِنِّی كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ۚ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

لَا اِلٰهَ	اِلَّا	اَنْتَ	سُبْحَانَكَ
اِنِّی	كُنْتُ	مِنَ	الظَّالِمِیْنَ
لَا اِلٰهَ	اِلَّا	اَنْتَ	سُبْحَانَكَ
اِنِّی	كُنْتُ	مِنَ	الظَّالِمِیْنَ

دل کی گھبراہٹ اور ہول کا علاج

اکثر موسمیاتی خرابی کی وجہ سے دل گھبرانے لگتا ہے اور دل ہول کھانے لگتا ہے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ابھی دل ڈوب جائے گا ایسے میں اس کے فوری علاج کے لئے ذیل کے اعمال بے حد مفید اور نافع ہیں۔

☆ ذیل کی آیات مبارکہ کاغذ پر لکھ کر گلے میں اس طرح ڈالیں کہ تعویز قلب پر رہے یا کرتہ وغیرہ میں اس جگہ ٹانکہ لگائیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز شفاء ہو گی۔

آیات مبارکہ:-

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْ وَ تَطْمَئِنُّ قُلُوْبُهُمْ بِذِكْرِ اللّٰهِ نَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ ط
وَّرَبَطْنَا عَلٰى قُلُوْبِهِمْ لَوْلَا اَنْ رَّبَطْنَا عَلٰى قَلْبِهَا لِتَكُوْنَ مِنَ
الْمُؤْمِنِيْنَ وَلِيَرْبِطَ عَلٰى قُلُوْبِكُمْ

☆ ذیل کی آیت مبارکہ لکھ کر گلے میں اس طرح لٹکائیں کہ تعویز دل میں پڑا رہے بلکہ اس کو کپڑے یا دھاگے سے باندھ دیں تا کہ قلب سے ہٹنے نہ پائے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم شفاء ہوگی۔

آیت کریمہ:-

وَلِيَرْبِطَ عَلٰى قُلُوْبِكُمْ وَ يُثَبِّتَ بِهِ الْاَقْدَامَ ط يٰاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ
جَآءَتْكُمْ مَّوْعِظَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَ شِفَآءٌ لِّمَا فِى الصُّدُوْرِ ۵ وَ هُدًى وَّ
رَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۝ قُلْ بِفَضْلِ اللّٰهِ وَ بِرَحْمَتِهٖ فَبِذٰلِكَ
فَلْيَفْرَحُوْا ط هُوَ خَيْرٌ مِّمَّا يَجْمَعُوْنَ ۝

☆ ذیل کی آیات مبارکہ ہول دل کے لئے نافع ہیں کاغذ پر سیاہی سے لکھیں اور کسی سبز پھل کے عرق سے دھو کر کسی قدر مصری ملا کر مریض کو پلایا جائے۔

آیات مبارکہ:-

وَلِيَرْبِطَ عَلٰى قُلُوْبِكُمْ وَ يُثَبِّتَ بِهِ الْاَقْدَامَ ط يٰاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ
جَآءَتْكُمْ مَّوْعِظَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَ شِفَآءٌ لِّمَا فِى الصُّدُوْرِ ۵ وَ هُدًى وَّ
رَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۝ قُلْ بِفَضْلِ اللّٰهِ وَ بِرَحْمَتِهٖ فَبِذٰلِكَ

فَلْيَفْرَحُوْا ط هُوَ خَيْرٌ مِّمَّا يَجْمَعُوْنَ O

☆ چینی کی سفید پلیٹ پر زعفران و عرق و گلاب میں ملا کر سورہ حشر کی درج ذیل آیت مبارکہ لکھیں اور شہد سے مٹا کر مریض کو چٹائیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز دل کے امراض سے شفاء ہوگی۔

آیت مبارکہ:۔

لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰى جَبَلٍ لَّرَاَيْتَهٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ ط وَ تِلْكَ الْاَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ

☆ بعد از نماز فجر زعفران و گلاب سے چینی کی طشتری پر سورہ فاتحہ بمعہ بسم اللہ شریف سات سات مرتبہ لکھ کر پانی سے دھو کر روزانہ مریض کو نہار منہ پلائیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم گیارہ یوم کے اندر اندر اس مرض کا ہمیشہ کے لیے خاتمہ ہو جائے گا۔

خفقان، دل دھڑکنے کا علاج

یعنی انسانوں کا دل بلا کسی بیماری کے دھڑکتا رہتا ہے اور اس کی دھڑکن کبھی تیز اور کبھی کم ہو جاتی ہے ایسے میں انسان اس سے بے حد پریشان ہوتا ہے۔

اس کے علاج کے لئے ذیل کے اعمال بے حد مفید اور نافع ہیں۔

☆ باوضو حالت میں بائیس مرتبہ سورہ یوسف توجہ و یکسوئی کے ساتھ پڑھ کر خالص عرق گاؤزبان پر دم کرے اور مریض کو دن میں تین تین مرتبہ پلائے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز مریض کے دل کی گھبراہٹ دور ہو جائے گی۔

☆ اس مقصد کے لیے ایک چینی کی پلیٹ میں باوضو زعفران و گلاب سے آیت

الکرسی اور آیت کریمہ:۔

لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحٰنَكَ ۖ اِنِّی كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ؑ

لکھ کر تازہ پانی سے دھو کر روزانہ اس مریض کو پلایا جائے۔

اور پلاتے وقت یہ الفاظ دہرائیں۔

نَوَيْتُ الشِّفَاءِ مِنَ الْعِلَّةِ خَفقَانِ

جلد ہی اس کا اثر ظاہر ہونا شروع ہوگا دن بدن مرض کی شدت ختم ہوتی جائے گی اور اس طرح چالیس دن میں مکمل شفاء حاصل ہوگی۔

☆ اس مقصد کے لئے روزانہ صبح سویرے اٹھ کر کسی ایسے بڑے آئینہ کے سامنے سیدھے کھڑے ہو جائیں جہاں آپ کا چہرہ اور جسم کر تک مکمل نظر آتا ہو اب آئینہ میں اپنے قلب پر مکمل دھیان رکھتے ہوئے گیارہ مرتبہ سورۃ الناس ذیل کے طریقہ سے پڑھ کر اپنے قلب کے مرکز میں زور سے پھونک لگائیں اور پانچ منٹ تک اس تصور کے ساتھ کھڑے رہیں کہ سورۃ الناس کا مکمل اثر میرے سارے وجود اور بالخصوص ذہن و قلب کو اپنے گھیرے میں لے رہا ہے اور میرا آپریشن کر رہا ہے۔

انشاءاللہ تعالٰی العزیز اضطراب قلب سے نجات مل جائے گی۔

طریقہ سورہ الناس:۔

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۙ اَلنَّاسِ ، اَلنَّاسِ ، مَلِكِ النَّاسِ ۙ اَلنَّاسِ ، اَلنَّاسِ ، اِلٰهِ النَّاسِ ۙ اَلنَّاسِ ، اَلنَّاسِ ، مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۙ الْخَنَّاسِ ۙ خَنَّاسِ ، خَنَّاسِ دور هو ذهنی خناس ، الَّذِیْ يُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۙ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ۧ اَلنَّاسِ ، اَلنَّاسِ دفع شود اَلْخَنَّاسِ ، اَلنَّاسِ

☆ اس مقصد کے لیے لازم ہے کہ بعد از نماز عشاء سونے سے قبل باوضو حالت میں:۔

کلمہ طیبہ اکتالیس مرتبہ

سورہ رحمٰن تین مرتبہ

اول و آخر درود پاک اکیس، اکیس بار

پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگ کر دائیں کروٹ لیٹ کر سو جائے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز اسے پرسکون نیند آئے گی پھر بعد از نماز فجر اکتالیس مرتبہ کلمہ طیبہ اور تین مرتبہ سورہ رحمٰن معہ اول و آخر درود پاک اکیس، اکیس مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ کے حضور عاجزی و انکساری سے اضطراب قلب کی دوری اور مشکل و پریشانی سے نجات کی دعا مانگے گیارہ یوم کا یہ عمل ہے اس دوران حسب توفیق صدقہ و خیرات فقراء میں تقسیم کرے انشاء اللہ تعالیٰ العزیز ہر قسم کا اضطراب قلب، پریشانی اور مشکل ختم ہو جائے گی طبیعت ہشاش بشاش ہو جائے گی۔

☆ جس شخص کو دھڑکن کی شکایت ہو تو ان آیات مبارکہ کو لکھ کر موم جامہ کر کے گلے میں ڈالے اور اس کا ڈورا اتنا لمبا رکھا جائے کہ تعویذ مریض کے دل پر پڑا رہے۔

آیات مبارکہ:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ تَطْمَئِنُّ قُلُوْبُهُمْ بِذِكْرِ اللّٰهِ ؕ اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ ۝ وَّ رَبَطْنَا عَلٰى قُلُوْبِهِمْ لَوْلَآ اَنْ رَّبَطْنَا عَلٰى قَلْبِهَا لِتَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَ لِيَرْبِطَ عَلٰى قُلُوْبِكُمْ

☆ سورہ قریش چینی کی طشتری میں لکھ کر دھو کر پلانا بہت ہی مفید ہے۔

☆ سورہ حشر کی ذیل کی آیت مبارکہ کسی چینی کے برتن میں لکھیں اور پانی سے دھو کر شہد ملا کر پئیں تو دل کی دھڑکن کو فائدہ ہوتا ہے۔

آیت کریمہ:۔

لَوْ لَا اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰى جَبَلٍ لَّرَاَيْتَهٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ ؕ وَ تِلْكَ الْاَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ ○

فشارخون یعنی بلڈ پریشر کا علاج

بلڈ پریشر خواہ زیادہ ہو یا کم دونوں ہی حالتوں میں تکلیف دہ اور نقصان دہ مرض ہے اور اس سے مریض بے حد بے چینی میں مبتلا ہو جاتا ہے ایسے میں اس کے مستقل علاج کے لیے ذیل کے اعمال بے حد مفید ہیں۔

☆ سورہ عم یتسائلون کو شیرہ انگور پر پڑھیں اور مریض اسے پیوے۔انشاء اللہ تعالٰی العزیز درد ہو جائے گا۔

☆ ذیل کی آیت مبارکہ لکھ کر پانی میں گھول کر پیئے۔انشاء اللہ تعالٰی العزیز صحت نصیب ہو گی۔

آیت مبارکہ:۔

لِكُلِّ نَبَاٍ مُّسْتَقَرٌّ وَّ سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ○

☆ ہر طرح کے بلڈ پریشر کے لئے مندرجہ ذیل آیات مبارکہ ہر فرض نماز کے بعد تین مرتبہ پڑھیں۔انشاء اللہ تعالٰی العزیز فائدہ ہو گا۔

آیات مبارکہ:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ تَطْمَئِنُّ قُلُوْبُهُمْ بِذِكْرِ اللّٰهِ ؕ اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ ؕ اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ طُوْبٰى لَهُمْ وَ حُسْنُ مَاٰبٍ ○

پیٹ کی تمام تکلیفوں کا علاج

پیٹ کی جملہ تکالیف کے لئے ذیل کے اعمال بے حد مفید اور نافع ہیں۔
باوضو حالت میں پانی کی بوتل لے کر اس پر:۔

- ☆ سورۂ مزمل (ایک بار)
- ☆ درود شفاء ذیل (سات بار)
- ☆ ذیل کی دعا (اکیس بار)

پڑھ کر دم کریں اور اس پانی کو دن میں وقفے وقفے سے دو دو گھونٹ مریض کو پلایا کریں اس سے درد شکم رفتہ رفتہ غائب ہو جائے گی اور تین دن کے عمل سے ہمیشہ کے لیے اس مصیبت سے نجات مل جائے گی۔ انشاء اللہ تعالیٰ العزیز۔

دعا:۔

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْبَاسِطُ وَ اَنَا الْمَبْسُوْطُ فَمَنْ يَدَعِ الْمَبْسُوْطَ اِلَّا الْبَاسِطُ يَا اَللّٰهُ يَا اللّٰهُ يَا اللّٰهُ يَا اللّٰهُ

درود شفاء:۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَ مَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ طِبِّ الْقُلُوْبِ وَ دَوَائِهَا وَ عَافِيَةِ الْاَبْدَانِ وَ شِفَائِهَا وَ نُوْرُ الْاَبْصَارِ وَ ضِيَآئِهَا وَ عَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَ بَارِكْ وَسَلِّمْ بِعَدَدِ كُلِّ ذَرَّةٍ وَّ خَلَائِقِ

☆ باوضو حالت میں عرق گلاب اور زعفران سے چینی کی پلیٹ پر سورہ یوسف لکھے اور اس کے بعد ایک کپ تازہ پانی میں ایک چمچ خالص شہد ملائے اور اس سے پلیٹ دھوکر پی لے دن میں تین مرتبہ اس طرح کرے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز پہلے ہی دن میں مرض میں افاقہ ہوگا تین دن تک بلا ناغہ عمل کرے بفضل باری تعالیٰ پیٹ کی ہر طرح کی اندرونی خرابی دور ہو جائے گی۔

☆ جو شخص سورہ قریش پوری پڑھ کر کھانے پر دم کر کے کھائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ العزیز پیٹ کی تمام تکلیفوں سے محفوظ رہے گا۔

☆ اس مقصد کے لیے پانی یا شربت پر سات مرتبہ:۔

اَللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ۚ۵

پڑھ کر دم کرے اور پلا دیں انشاء اللہ تعالیٰ العزیز پیٹ درد میں آرام آجائے گا۔

معدہ اور پیٹ کے درد کا علاج

اس مقصد کے لئے ذیل کی آیات مبارکہ کو تین پھلوں پر دم کر کے وہ پھل کھائے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم درد معدہ سے شفاء حاصل ہوگی۔

آیت مبارکہ:-

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ

☆ اس مقصد کے لیے پانی یا شربت پر سات مرتبہ:-

اَللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ج اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ۵ ج

پڑھ کر دم کریں اور پلا دیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز پیٹ درد میں آرام آ جائے گا۔

☆ پانی لے کر باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر ذیل کی آیات مبارکہ کو گیارہ مرتبہ پڑھ کر پانی دم کر کے پلائیں پیٹ درد کو بفضلہٖ تعالیٰ فوری آرام آ جائے گا مجرب ہے۔

آیات مبارکہ:-

لَقَدْ جَآئَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَئُوْفٌ رَّحِيْمٌ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ط عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ع

☆ روزانہ باوضو حالت میں تین عدد کالی مرچیں لے کر ان پر سورہ کافرون نہایت توجہ و یکسوئی کے ساتھ پڑھ کر دم کرے اور مریض کو کھلا دے سات یوم تک بلا ناغہ یہ عمل کرے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز بہت جلد افاقہ ہوگا اور آرام آ جائے گا۔

☆ معدہ کے درد کے مریض کو ذیل کی آیت لکھ کر گلے میں ڈالیں اور چینی کی رکابی پر لکھ کر دھو کر پلایا جائے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم شفاء ہوگی۔

آیت مبارکہ:-

اَفَغَيْرَ دِيْنِ اللّٰهِ يَبْغُوْنَ وَلَهٗۤ اَسْلَمَ مَنْ فِى السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ طَوْعًا وَّ كَرْهًا وَّ اِلَيْهِ يُرْجَعُوْنَ

☆ سورہ نور کی ذیل کی آیت مبارکہ لکھ کر مریض کے گلے میں لمبے ڈورے کے ساتھ لٹکائیں کہ تعویذ ناف کیمقام پر رہے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم شفاء ہوگی۔

آیت مبارکہ:-

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ؕ مَثَلُ نُوْرِهٖ كَمِشْكٰوةٍ فِيْهَا مِصْبَاحٌ ؕ اَلْمِصْبَاحُ فِىْ زُجَاجَةٍ ؕ اَلزُّجَاجَةُ كَاَنَّهَا كَوْكَبٌ دُرِّىٌّ يُّوْقَدُ مِنْ شَجَرَةٍ مُّبٰرَكَةٍ زَيْتُوْنَةٍ لَّا شَرْقِيَّةٍ وَّلَا غَرْبِيَّةٍ ۙ يَّكَادُ زَيْتُهَا يُضِىْٓءُ وَلَوْ لَمْ تَمْسَسْهُ نَارٌ ؕ نُوْرٌ عَلٰى نُوْرٍ يَهْدِى اللّٰهُ لِنُوْرِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَيَضْرِبُ اللّٰهُ الْاَمْثَالَ لِلنَّاسِ ؕ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَىْءٍ عَلِيْمٌ ۙ

سات مرتبہ سورہ الم نشرح پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلائیں خواہ کیسا ہی درد ہوگا ختم ہو جائے گا۔

☆ سورہ قٓ کی ذیل کی آیات مبارکہ کو زعفران و گلاب و مشک سے لکھ کر بارش کے پانی سے دھو کر پینے سے پیٹ درد رفع ہو جاتا ہے۔

آیات مبارکہ:-

قٓ وَ الْقُرْاٰنِ الْمَجِیْدِ ۚ بَلْ عَجِبُوْٓا اَنْ جَآءَهُمْ مُّنْذِرٌ مِّنْهُمْ فَقَالَ الْكٰفِرُوْنَ هٰذَا شَیْءٌ عَجِیْبٌ ۚ ءَاِذَا مِتْنَا وَ كُنَّا تُرَابًا ۚ ذٰلِكَ رَجْعٌۢ بَعِیْدٌ قَدْ عَلِمْنَا مَا تَنْقُصُ الْاَرْضُ مِنْهُمْ وَ عِنْدَنَا كِتٰبٌ حَفِیْظٌ بَلْ كَذَّبُوْا بِالْحَقِّ لَمَّا جَآءَهُمْ فَهُمْ فِیْۤ اَمْرٍ مَّرِیْجٍ ۝ اَفَلَمْ یَنْظُرُوْۤا اِلَى السَّمَآءِ فَوْقَهُمْ كَیْفَ بَنَیْنٰهَا وَ زَیَّنّٰهَا وَ مَا لَهَا مِنْ فُرُوْجٍ ۝ وَ الْاَرْضَ مَدَدْنٰهَا وَ اَلْقَیْنَا فِیْهَا رَوَاسِیَ وَ اَنْۢبَتْنَا فِیْهَا مِنْ كُلِّ زَوْجٍۭ بَهِیْجٍ ۝ تَبْصِرَةً وَّ ذِكْرٰى لِكُلِّ عَبْدٍ مُّنِیْبٍ وَ نَزَّلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءً مُّبٰرَكًا فَاَنْۢبَتْنَا بِهٖ جَنّٰتٍ وَّ حَبَّ الْحَصِیْدِ وَ النَّخْلَ بٰسِقٰتٍ لَّهَا طَلْعٌ نَّضِیْدٌ ۝ رِّزْقًا لِّلْعِبَادِ وَ اَحْیَیْنَا بِهٖ بَلْدَةً مَّیْتًا كَذٰلِكَ الْخُرُوْجُ

معدہ کی کمزوری کا علاج

کئی بیماریوں کی وجہ سے معدہ کمزور ہو جاتا ہے ہاضمہ خراب ہو جاتا ہے اور اس سے انسان بے حد پریشان ہوتا ہے اس کی کمزوری کو رفع کرنے کے لئے ذیل کے اعمال اکسیر کا درجہ رکھتے ہیں۔

☆ سورۃ انشقاق تین مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کریں اور مریض کو دن میں کئی مرتبہ پلائیں اللہ تعالیٰ عزوجل کے فضل و کرم سے شفاء نصیب ہوگی اور تین دن کے اندر اندر افاقہ ہو جائے گا۔

☆ سورہ القدر گیارہ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کریں اور مریض کو پلائیں، دن میں تین مرتبہ یہ دم کیا ہوا پانی پینے سے انشاء اللہ تعالٰی العزیز الحکیم سات یوم کے اندر اندر معدہ کی کمزوری کی شکایت رفع ہو جائے گی۔

بھوک کی کمی کا علاج

اکثر کسی بیماری یا طبع کی حالت میں موسم کی وجہ سے گڑ بڑ پیدا ہو کر بھوک یا تو بالکل ختم ہو جاتی ہے یا پھر بے حد کم ہو جاتی ہے اس سے جسم میں کمزوری اور گراوٹ پیدا ہو جاتی ہے۔اس کے علاج کے لئے ذیل کے اعمال بے حد نافع اور اکسیر ہیں۔

☆ بھوک کم لگنے کی صورت میں اکتالیس مرتبہ ذیل کی آیت مبارکہ کھانے پر دم کر کے کھلایا جائے۔انشاء اللہ تعالٰی العزیز الحکیم بھوک زیادہ لگے گی۔

آیت مبارکہ:-

وَ الَّذِیْ هُوَ یُطْعِمُنِیْ وَ یَسْقِیْنِ

☆ ذیل کی آیت مبارکہ اکیس مرتبہ پانی پر دم کر کے پلایا جائے۔
انشاء اللہ تعالٰی العزیز بھوک خوب لگے گی اور مجرب اور مفید ہے۔

آیت مبارکہ:-

وَلَوْ لَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَیْکُمْ وَ رَحْمَتُهٗ وَ اَنَّ اللّٰهَ تَوَّابٌ حَکِیْمٌ

☆ اکتالیس بار ذیل کی آیت مبارکہ پانی پر دم کر کے پلانے سے انشاء اللہ تعالٰی العزیز الحکیم بھوک خوب لگے گی۔

آیت مبارکہ:-

قُلْ مَنْ حَرَّمَ زِيْنَةَ اللّٰهِ الَّتِيْٓ اَخْرَجَ لِعِبَادِهٖ وَ الطَّيِّبٰتِ مِنَ الرِّزْقِ ؕ قُلْ هِيَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا خَالِصَةً يَّوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ كَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ

بھوک کی زیادتی کا علاج

اگر کسی انسان کو بھوک کی زیادتی کا مرض لاحق ہو جائے تو اس کے علاج کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔

☆ گیارہ بار ذیل کی آیت مبارکہ پانی پر دم کر کے پلانے سے بھوک کی زیادتی ختم ہو جائے گی۔

آیت مبارکہ:-

وَ فِي السَّمَآءِ رِزْقُكُمْ وَمَا تُوْعَدُوْنَ

استسقاء (پیاس کی شدت) کا علاج

کسی بھی بیماری یا شدید موسم گرما کی وجہ سے انسان کی پیاس بے حد بڑھ جاتی ہے جس سے ایسا محسوس ہوتا ہے کہ اگر بار بار پانی نہ پیا گیا تو موت لاحق ہو جائے گی ایسے میں ذیل کے اعمال اس سے مکمل نجات کے لئے شافی وکافی ہیں۔

☆ تین بار سورہ واقعہ پانی پر دم کر کے پلایا جائے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم استسقاء کی بیماری دور ہو جائے گی۔

☆ بوقت صبح صادق اپنے دونوں ہاتھوں پر سورہ فاتحہ بمعہ وصل بسم اللہ شریف سات مرتبہ پڑھ کر پھونک لگائیں اور پورے جسم پر ہاتھ پھیر لیں اسی دن اس مرض سے نجات حاصل ہوگی۔

مکمل شفاء اور صحت یابی کے لئے اس عمل کو مسلسل گیارہ یوم جاری رکھیں۔

☆ ذیل کی آیت مبارکہ سات بار پانی پر دم کر کے پلانا بہت ہی مفید اور فائدہ پہنچاتا ہے۔

آیت مبارکہ:۔

وَ اَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءً بِقَدَرٍ فَاَسْكَنّٰهُ فِي الْاَرْضِ ۖ وَ اِنَّا عَلٰى ذَهَابٍ بِهٖ لَقٰدِرُوْنَ

☆ سورۂ بقرہ کی ان آیات مبارکہ کو مٹی کے کسی چکنے برتن میں جو تیل یا گھی سے چکنا ہو گیا ہو یا کانچ یا پتھر کے برتن پر لکھ کر باران ربیع کے پانی سے دھو کر ایک شیشی میں بھر کر تین روز رہنے دیں پھر اس میں سرخ بکری کا دودھ ملا کر ہلکی آنچ پر اس کو گاڑھا کرے۔ پیاس لگے تو یہ پانی صبح کے وقت اور سوتے وقت اسی قدر پیا کرے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز شفاء ہوگی۔

آیات مبارکہ:۔

وَ اِذِ اسْتَسْقٰى مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ فَقُلْنَا اضْرِبْ بِّعَصَاكَ الْحَجَرَ ؕ فَانْفَجَرَتْ مِنْهُ اثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْنًا ؕ قَدْ عَلِمَ كُلُّ اُنَاسٍ مَّشْرَبَهُمْ ؕ كُلُوْا وَ اشْرَبُوْا مِنْ رِّزْقِ اللّٰهِ وَلَا تَعْثَوْا فِي الْاَرْضِ مُفْسِدِيْنَ

متلی و قے کا علاج

اگر گیس یا ریح یا بد ہضمی کی وجہ سے متلی اور قے آنا شروع ہو جاتی ہے اور وہ رکنے کا نام نہیں لیتی اس سے مکمل نجات کے لئے ذیل کے اعمال بے حد کارگر اور مفید ہیں۔

☆ اگر خون کی قے آتی ہو تو اکیس روز تک بعد نماز ظہر اکتالیس مرتبہ ذیل کی آیات مبارکہ پانی پر دم کر کے پلایا جائے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم شفاء ہوگی اور خون آنا بند ہو جائے گا۔

آیات مبارکہ:۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۙ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَ نِعْمَ الْوَكِيْلُ . فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخَالِقِيْنَ ۔ؕ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمُ .

